آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 22 جون 2020ء بمطابق 28 شوال 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 172

کورونا وائرس سے 3 ہزار 500 پاکستانی جاں بحق ہو چکے، ظفر مرزا

وزارت صحت نے بزرگ افراد کیلئے گائیڈ لائنز بنائی ہیں، بزرگ افراد کو احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہ کرنا چاہیے، وبا کے دوران ہمیں اپنے بزرگوں کا خاص خیال رکھنا ہے

تقریباً 72 فیصد جاں بحق افراد کی عمر 50 سال سے زائد تھی، کورونا سے جاں بحق افراد کو بلڈ پریشر، ذیابیطیس یا دل کے عارضے تھے، کورونا سے بچاؤ کیلئے ماسک کا استعمال انتہائی ضروری ہے

کورونا سے جاں بحق ہونے والے 75 فیصد افراد پہلے سے کسی بیماری میں مبتلا تھے، عوام گلے ملنے اور ہاتھ ملانے سے گریز کریں، دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں، معاون خصوصی صحت کی میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی صحت ظفر مرزا نے کہا ہے کہ کورونا سے جاں بحق ہونے والے 75 فیصد افراد پہلے سے کسی بیماری میں مبتلا تھے، کورونا وائرس سے 3 ہزار 500 پاکستانی جاں بحق ہو چکے، تقریباً 72 فیصد جاں بحق افراد کی عمر 50 سال سے زائد تھی، کورونا سے جاں بحق افراد کو بلڈ پریشر، ذیابیطیس یا دل کے عارضے تھے، کورونا سے بچاؤ کیلئے ماسک کا استعمال انتہائی ضروری ہے، عوام گلے ملنے اور ہاتھ ملانے سے گریز کریں، دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔ اتوار کو وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ کورونا وائرس بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ اور میر ضیاء اللہ لانگو اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

ہم اپوزیشن میں آ گئے تو صحیح اپوزیشن کر کے چلائیں گے، اختر مینگل کا ان اعلا

معاشی لحاظ سے جب اپکا بجٹ مٹھی میں چلا جائے تو اس سے حکومت کی مقبولیت بھی مٹھی میں چلی جاتی ہے، اپوزیشن کیساتھ قربتیں بڑھ رہی ہے، موجودہ حکمرانوں کو اب مزید مسلط ہونے کا حق نہیں، موجودہ حکمرانوں کو اپنی ناکامی تسلیم کر کے فوری مستعفی ہو جانا چاہیے

حکومت کی دیگر اتحادی جماعتوں کو بھی اب بے باک انداز میں کلمہ حق کہہ دینا چاہئے، کارکردگی کی بنیاد پر موجودہ حکمرانوں کی مقبولیت زمین بوس ہو گئی ہے، موجودہ حکمرانوں کو اب مزید مسلط ہونے کا حق نہیں، اپنی ناکامی تسلیم کر کے فوری مستعفی ہو جانا چاہیے

ریاست اور ریاستی ادارے اور حکومت دو ٹوک الفاظ میں کہہ دے کہ ہمارے مطالبات جائز نہیں ہے، اگر ہمارے مطالبات غیر آئینی ہیں تو ہم کسی اور کا دروازہ کھٹکائیں، یا پیر و مرشد کی درگاہ پر جائیں، مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کے بعد گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ بات چیت چل رہی ہے، اپوزیشن کے ساتھ قربتیں بڑھ رہی ہے، جس دن ہم اپوزیشن میں آ گئے تو اپوزیشن کو صحیح اپوزیشن کر کے چلائیں گے، ریاست اور ریاستی ادارے اور حکومت دو ٹوک الفاظ میں کہہ دے کہ ہمارے مطالبات جائز نہیں ہے، اگر ہمارے مطالبات غیر آئینی ہیں تو ہم کسی اور کا دروازہ کھٹکائیں، یا پیر و مرشد کی درگاہ پر جائیں جبکہ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ بی این پی مینگل کا فیصلہ پی ٹی آئی کی دیگر اتحادی جماعتوں کیلئے بھی قابل تقلید ہے، حکومت کی دیگر اتحادی جماعتوں کو بھی اب بے باک انداز میں کلمہ حق کہہ دینا چاہئے، کارکردگی کی بنیاد پر موجودہ حکمرانوں کی مقبولیت زمین بوس ہو گئی ہے، موجودہ حکمرانوں کو اب مزید مسلط ہونے کا حق نہیں، موجودہ حکمرانوں بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمن سے بی این پی مینگل کے صدر اختر مینگل ملاقات کر رہے ہیں

تین فیصد آبادی کو لاک ڈاؤن کر کے کورونا کا پھیلاؤ 40 فیصد تک روکا جا سکتا ہے، اسد عمر

پورے ملک میں لاک ڈاؤن کرنے کی بجائے ہاٹ سپاٹس پر سمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی بہت بہتر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر نے ملک بھر کے 20 شہروں میں 92 ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی کی ہے۔ مختلف ہسپتالوں کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ یہ 92 ہاٹ سپاٹس دراصل بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

تربت میں ٹریفک حادثہ ایک خاتون سمیت بچہ جاں بحق گیا جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے

تربت (آن لائن) تربت میں ٹریفک حادثہ ایک خاتون سمیت بچہ جاں بحق گیا جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق تربت کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے عوام اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل حل کیئے جائیں، میر محمود خان بادینی

کوئٹہ (آن لائن) میر محمود خان بادینی مرکزی ترجمان مشترکہ بلوچستان بس ٹرانسپورٹرز نے کہا ہے کہ اسلام آباد اے پی سی اعلامیہ کی روشنی میں بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پستول صاف کرنے کے دوران اتفاقیہ گولی چلنے سے خاتون جاں بحق

مستونگ (این این آئی) پستول صاف کرنے کے دوران اتفاقیہ گولی چلنے سے خاتون جاں بحق تفصیلات کے مطابق تیری کے علاقہ میں بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا ہے

قلعہ عبداللہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کہنا چاہتی تھی وبا کا اثر شدت مختلف ممالک میں مختلف ہے، زرتاج گل کی کورونا بارے بیان کی وضاحت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے ماحولیاتی تبدیلی زرتاج گل نے اپنے بیان کی وضاحت کی ہے کہ کہنا چاہتی تھی وبا کا اثر شدت بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

مولانا صاحبان خالی آنکھ سے سورج گرہن دیکھنے پر اصرار نہیں کریں گے، فواد چوہدری کا سورج گرہن سے پہلے بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سورج گرہن سے پہلے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امید ہے بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بالاکوٹ اور وادی نیلم میں حادثات کے دوران 8 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

بالاکوٹ کو وادی نیلم (این این آئی) بالاکوٹ اور وادی نیلم میں حادثات کے دوران 8 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اطلاعات کے بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بہت ساری وجوہات کے بعد پروازیں کھولنے کا فیصلہ کیا، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے کہا ہے کہ سعودی عرب اور یو اے ای نے کرونا سے مرنے والوں کی بازی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

مزید 119 افراد کورونا وائرس سے چل بسے، تعداد 3500 سے تجاوز کر گئی

مزید 4951 کیسز سامنے آنے کے بعد مجموعی تعداد ایک لاکھ 76 ہزار 617 تک جا پہنچی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 119 افراد کورونا وائرس سے چل بسے جس کے جاں بحق افراد کی تعداد 3500 سے تجاوز کر گئی، مزید 4951 کیسز سامنے آنے کے بعد مجموعی تعداد ایک لاکھ 76 ہزار 617 تک جا پہنچی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

چین میں کووڈ 19 کے 26 نئے متاثرین سامنے آ گئے، 22 کا تعلق بیجنگ سے ہے

بیجنگ (این این آئی) چین میں کورونا وائرس سے متاثرہ 26 نئے متاثرین کی تصدیق کی گئی۔ گذشتہ روز رپورٹ ہونے والے متاثرین کی تعداد 27 تھی، اس میں سے زیادہ تر مریضوں کا تعلق دارالحکومت بیجنگ سے ہے۔ نیشنل ہیلتھ کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ گذشتہ روز کی طرح ان نئے انفیکشن میں سے 22 بیجنگ سے سامنے آئے ہیں۔ 20 لاکھ سے زائد بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر مرک خان اچکزئی شہید ذکر محمد کاکڑ کے بڑی بھائی خان محمد کاکڑ کے انتقال پر تعزیت سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گوادر، کوسٹل ہائی وے پر گاڑی الٹنے سے ایک خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق اور 6 زخمی

حادثہ پسنی کے قریب کوسٹل ہائی وے پر رومڑو کے مقام پر پیش آیا کہ جہاں گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی

گوادر (این این آئی) گوادر کے علاقے پسنی میں کوسٹل ہائی وے پر گاڑی الٹنے سے ایک خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق حادثہ پسنی کے قریب کوسٹل ہائی وے پر رومڑو کے مقام پر پیش آیا کہ جہاں گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں اس میں سوار ایک بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

پی آئی اے نے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے 25 ہزار پاکستانیوں کی واپسی کے لیے بڑا فضائی آپریشن ترتیب دے دیا

کراچی (این این آئی) قومی ایئرلائن (پی آئی اے) نے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے 25 ہزار پاکستانیوں کی واپسی کے لیے بڑا فضائی آپریشن ترتیب دے دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بیرون ملک موجود پاکستانیوں کی واپسی کے سلسلے میں پی آئی اے کے دو تر پر مسافروں کے رش کے پیش نظر آئندہ ہفتے میں قومی ایئرلائن نے بڑا فضائی بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کوڈ 19 مریضوں کیلئے ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے ڈریپ کی جانب سے اہم اقدامات

ڈریپ کی جانب سے کورونا کے تشویشناک مریضوں کیلئے دوران انٹرنسی ریڈیسویر کے استعمال کی اجازت کے بعد دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ظفر مرزا

جنسرلیشن لیٹرز جاری کرنے کے بعد امپورٹرز اور مینوفیکچررز کی جانب سے دواؤں کی مناسب مقدار کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی، ترجمان ڈریپ

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی ڈاکٹر ظفر مرزا کی ہدایت پر کوڈ 19 مریضوں کیلئے ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے ڈریپ کی جانب سے اہم اقدامات اٹھائے گئے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے ایک بیان میں کہا کہ ڈریپ کی جانب سے کورونا کے تشویشناک مریضوں کے لیے دوران ایمرجنسی ریڈیسویر کے استعمال کی اجازت کے بعد دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈریپ کی جانب سے ریڈیسویر کے ایمرجنسی استعمال کے لیے امپورٹ اور رجسٹریشن لیٹرز جاری کر دیئے گئے، ریڈیسویر کے استعمال کے بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر پنجاب سے چیئرمین سینٹ کی قیادت میں 8 سینیٹرز سمیت بلوچستان کے وفد کی ملاقات

بلوچستان کی ترقی، خوشحالی، حکومتی اور سیاسی امور سمیت دیگر ایشوز پر بات چیت کی گئی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور سے چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی قیادت میں 8 سینیٹرز سمیت بلوچستان کے وفد کی ملاقات۔ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی، حکومتی اور سیاسی امور سمیت دیگر ایشوز پر بات چیت کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور سے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

صوبے کو آئندہ سال بجٹ میں 87 روپے کے خسارے کا سامنا ہے، ظہور بلیدی

سرحدی علاقوں میں وفاق سے مل کر 13 بارڈر مارکیٹ قائم کی جا رہی ہیں، صوبائی حکومت کی جانب سے صحت، توانائی سمیت مختلف شعبوں میں ٹیکس کی چھوٹ دی گئی ہے

کوئٹہ میں کینسر ہسپتال کا منصوبہ ایک ارب 70 کروڑ روپے کی لاگت سے دو سال میں مکمل ہوگا، سرحدی علاقوں میں وفاق سے مل کر 13 بارڈر مارکیٹ قائم کی جا رہی ہیں، وزیر خزانہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر خزانہ بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو آئندہ مالی سال کے دوران این ایف سی ایوارڈ کے تحت 251 ارب روپے ملیں گے اس بار این ایف سی میں صوبے کو پہلے سے 30 ارب روپے کم ملیں گے گذشتہ سال پیش کردہ بجٹ کا حجم 419 ارب روپے تھا، اس بار 465 ارب کا بجٹ پیش کیا گیا صوبے کو آئندہ سال بجٹ میں 87 روپے کے خسارے کا سامنا ہے، صوبائی حکومت کی جانب سے صحت، توانائی سمیت مختلف شعبوں میں ٹیکس کی چھوٹ دی گئی ہے، کوئٹہ میں بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

صوبے کے بلوچ پشتون سیاسی و قبائلی قیادت سے اپیل ہے متحد ہو جائیں، نواب رئیسانی

حکمران بلوچستان کے مسائل سمجھنے سے قاصر ہیں ہمیں صوبے کی تمام پارلیمنٹس، انسانی حقوق کی پلیٹ فارمز پر آواز بلند کرنے کی ضرورت ہے

صوبے کے ساتھ جاری ناروا مظالم کیخلاف آواز بلند کریں 72 سال گزر چکے بلوچ پشتون، سرائیکی اور سندھی آج بھی تقسیم کے عمل سے گزر رہے ہیں، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے صوبے کی بلوچ پشتون سیاسی و قبائلی قیادت سے اپیل کی ہے کہ وہ متحد ہو جائیں اور صوبے کے ساتھ جاری ناروا مظالم کیخلاف آواز بلند کریں 72 سال گزر چکے بلوچ پشتون، سرائیکی اور سندھی آج بھی تقسیم کے عمل سے گزر رہے ہیں صوبے میں چادر و چاردیواری کی پامالی لوگوں کا اغواء اور زمینوں پر قبضے کا سلسلہ جاری ہے ان چند خوروں اور سرکاری سرپرستی میں بدمعاشی کرنے والوں کو محاسبہ کرنا ضروری ہے اور اس سلسلے میں سب کو اتحاد و اتفاق سے ان کا مقابلہ کرنا پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے برمش یکجہتی کمیٹی شال کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر برمش یکجہتی کمیٹی شال کے زیر اہتمام سانحہ ڈھنک اور دیگر سانحات کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی اور کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے کے شرکاء سے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی، بلوچ بزرگ رہنماء بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سعودی عرب میں کرونا وائرس کی روک تھام کیلئے لگائے گئے کرفیو کو ختم کر دیا گیا

ملک بھر سے کرفیو کے خاتمے کے بعد 21 جون سے ملک بھر میں کھیلوں کی سرگرمیاں دوبارہ شروع کرنے کے احکامات دیئے گئے

کرونا پروٹوکول کی خلاف ورزی کرنے والے افراد اور اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں کرونا وائرس کی روک تھام کے لیے ملک بھر میں لگائے گئے کرفیو کو ختم کر دیا گیا ہے۔ حکومت نے کرونا پروٹوکول کے مطابق ملک میں ہر طرح کی کھیلوں کی سرگرمیاں بحال کرنے، خواتین کے بیوٹی پارلر اور حمام کی دکانیں کھولنے کی اجازت دے دی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی عرب کی وزارت کھیل کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اتوار 21 جون سے ملک بھر میں کھیلوں کی سرگرمیاں دوبارہ شروع کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

صوبے کے تمام اضلاع میں سٹی ایجوکیشن پروگرام کے خواہاں ہیں، نور محمد دمڑ

محکمہ تعلیم کی جانب سے بعض اضلاع کو سٹی ایجوکیشن پروگرام سے نکال کر کے مذکورہ اضلاع کو تعلیمی پسماندگی میں اضافہ کرنے کی کوشش ہے جس کی کسی صورت میں اجازت نہیں دیں گے

حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی وزیارت کے علاوہ دیگر مختلف اضلاع کو سٹی ایجوکیشن پروجیکٹ میں شامل نہ کر کے نظر انداز کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبے میں تعلیمی اصلاحات انقلابی قدم وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور صوبائی کابینہ ہے محکمہ تعلیم کی جانب سے سٹی ایجوکیشن پروجیکٹ میں حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی وزیارت کے علاوہ دیگر مختلف اضلاع کو سٹی ایجوکیشن پروجیکٹ میں شامل نہ کر کے نظر انداز کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان اور دیگر حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہے سٹی ایجوکیشن پروگرام میں ہرنائی نہ زیارت، دکی، موسیٰ خیل، جھل مگسی اور شیرانی سمیت دیگر اضلاع کو نظر انداز کر کے پروجیکٹ میں شامل نہ کرنا، تعصب، سیاسی و ذاتی اختلافات پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ کسی کو سرکاری عہدے یا وزارت کو ذاتی مفاد یا سیاسی اختلاف کا جواز بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد پولیس کے مطابق ایس پی ڈیرہ بگٹی فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عطا مالک رحمن ترین کی ہدایات پر ڈیرہ بگٹی پولیس کی جانب سے جرائم و منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل سوئی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ایچ پاکستان بیت المال یونٹ کے کلریکل سٹاف کو اعزازیہ سے محروم رکھنا سراسر ناانصافی اور زیادتی ہے۔ رحمت اللہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے صدر رحمت اللہ زہری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان بیت المال ایک فلاحی محکمہ ہے جہاں آفیسران سمیت کلریکل سٹاف اور درجہ چہارم کے ملازمین بھی موجودہ صورتحال اور کورونا جیسے وبائی مرض کے باوجود جانفشانی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہے ہیں۔ اور ہر وقت لوگوں کی خدمت بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی، خوشحالی، حکومتی اور سیاسی امور سمیت دیگر ایشوز پر بات چیت کی گئی

ملاقات۔ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی، حکومتی اور سیاسی امور سمیت دیگر ایشوز پر بات چیت کی گئی

حکومت کا وژن ہے آئندہ سالوں میں ہم عوام کو ایک خوشحال بلوچستان دینگے، صوبائی وزیر داخلہ

موجودہ حالات میں بجٹ میں ان شعبوں اور ان منصوبوں پر زیادہ توجہ دی گئی ہے جن سے بلوچستان کی محصولات میں اضافہ ہوگا بجٹ میں کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا ہے

عوام کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین سے بہترین اقدامات اٹھائیں اگر ہم عوام کی توقعات پر پورا نہ اتریں تو ہمارا حشر بھی پیشرو حکومتوں کی طرح ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت اس بات پر یقین رکھتی ہیں کہ عوام نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہے ہماری حتی الوسع کوشش ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین سے بہترین اقدامات اٹھائیں اگر ہم عوام کی توقعات پر پورا نہ اتریں تو ہمارا حشر بھی پیشرو حکومتوں کی طرح ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت کا وژن ہے کہ آئندہ سالوں میں ہم عوام کو ایک خوشحال بلوچستان دیگے موجودہ حالات میں بجٹ میں ان شعبوں اور ان منصوبوں پر زیادہ توجہ دی گئی ہے جن سے بلوچستان کی محصولات میں اضافہ ہوگا بجٹ میں کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا ہے حکومت نے متوازن بجٹ پیش کیا ہے صوبے کو افراتفری کا شکار کرنے کی بجائے ہم نے اسے افراتفری سے نکالنا ہے ہم سب اس صوبے کے باسی ہیں ہمیں بلوچستان کی خوشحالی کے لئے اقدامات اٹھانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے ایوان میں نواب، سردار، قبائلی معتبرین اور سیاسی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں اس کی اپنی روایات ہیں جن کا ہمیں ہر حال میں خیال رکھنا ہے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سورج گرہن، سعودی عرب کی مختلف مساجد میں نماز کسوف کی ادائیگی

ریاض (این این آئی) سورج گرہن کے دوران سعودی عرب کی مختلف مساجد میں نماز کسوف کی ادا کی گئی۔ نماز کسوف کے دوران استغفار، امت مسلمہ کی سلامتی اور کورونا سے نجات کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ واضح رہے کہ اس سال کے آخری سورج گرہن کو رنگ آف فائر کا نام دیا گیا ہے کیوں کہ سورج کو جب گرہن لگتا ہے تو یہ مکمل طور پر چاند کی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کورونا وائرس کی وبا کی روک تھام سمیت قومی معیشت کی ترقی کے لیے ایک مربوط پالیسی پر عمل پیرا ہیں، وزیر اطلاعات

پاکستان ایک غریب ملک ہے اور ملکی معیشت پر لاک ڈاؤن کے سنگین منفی اثرات کے باعث مکمل لاک ڈاؤن کا متحمل نہیں ہو سکتا، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات و وزیر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کورونا وائرس کی وبا کی روک تھام سمیت قومی معیشت کی ترقی کے لیے ایک مربوط پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک غریب ملک ہے اور ملکی معیشت پر لاک ڈاؤن کے سنگین منفی اثرات کے باعث مکمل لاک ڈاؤن کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کوڈ 19 ایک عالمی مسئلہ ہے اور وزیراعظم کی سمارٹ لاک ڈاؤن کی پالیسی کو دنیا بھر نے سراہا ہے۔ شبلی فراز نے کہا کہ حکومت مکمل لاک ڈاؤن کا نفاذ نہیں کرے گی کیونکہ یہ مہنگ وائرس کا حل نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کراچی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ پر پیغام جاری کر رہے ہیں

بلاول میاں، جیکب آباد ڈسٹرکٹ کا سب سے بڑا ہسپتال کھنڈر کا منظر پیش کر رہا ہے، ڈاکٹر شہباز گل کا بلاول کو جواب

عوام گدھا گاڑی میں مریض کو ہسپتال لا رہے ہیں جہاں گندگی کے ڈھیر اگا منہ چڑھا رہے ہیں، خطرہ ہے کارڈیالوجی سنٹر کی چھت کسی لمحے سر پر آن گرے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے بلاول زرداری کے پیغام کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول میاں، جیکب آباد ڈسٹرکٹ کا سب سے بڑا ہسپتال کھنڈر کا منظر پیش کر رہا ہے، عوام گدھا گاڑی میں مریض کو ہسپتال لا رہے ہیں جہاں گندگی کے ڈھیر اگا منہ چڑھا رہے ہیں، خطرہ ہے کارڈیالوجی سنٹر کی چھت کسی لمحے سر پر آن گرے۔ اتوار کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر شہباز گل جیکب آباد ڈسٹرکٹ ہسپتال کی حالت زار منظر عام پر لے آئے، بلاول زرداری نے وزیراعظم کو پیغام بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

چمن میں سورج گرہن کی وجہ سے لوگوں میں خوف و ہراس، لوگ گلے کے ورد اور نماز کسوف ادا کرنے لگے

چمن (آن لائن) چمن میں سورج گرہن کی وجہ سے لوگوں میں خوف و ہراس، لوگ گلے کے ورد اور نماز کسوف ادا کرنے لگے تفصیلات کے مطابق چمن میں سورج گرہن ہوتے ہی لوگوں میں کوف و ہراس پھیل گیا لوگ عذاب الٰہی سے پناہ مانگنے کیلئے گلے کا ورد اور نماز کسوف ادا کرنے لگے سورج گرہن کی وجہ سے لوگ گھروں تک محدود ہو گئے لوگوں بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بعض افراد نے ہم پرستی اور اندھے اعتقاد کے باعث اپنے معذور بچوں کو زمین میں گردن تک دبا دیا

سورج گرہن کے دوران اس عمل سے ہمارے معذور بچے تندرست ہو جائیں گے، مذکورہ افراد کی گفتگو

کراچی (این این آئی) ملک میں سورج گرہن کے دوران بعض افراد نے ہم پرستی اور اندھے اعتقاد کے باعث اپنے معذور بچوں کو زمین میں گردن تک دبا دیا۔ ان افراد کے مطابق سورج گرہن کے دوران ان کے اس عمل سے ان کے معذور بچے تندرست ہو جائیں گے۔ رواں سال کا پہلا سورج گرہن تھا، سورج گرہن کے ساتھ متعدد توہم پرستی کی باتیں جڑی ہوئی ہیں جن پر لوگ اندھا اعتقاد رکھتے ہیں، اسی توہم پرستی سے جڑی ایک بات یہ بھی ہے کہ ذہنی معذور بچوں کو اگر سورج گرہن کے وقت کھلے مقام پر بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں سورج گرہن کا منظر

پی ٹی آئی حکومت کی طرف سے اب تک ایک وعدہ وفا نہیں ہوا ہے، شاہ زین بگٹی

بچوں کیلئے تعلیم، صحت، پانی سمیت دیگر سہولیات فراہم نہ کر سکے تو پھر کیا فائدہ حکومت میں رہنے کا

ہمیں لوگوں نے پاکستان تحریک انصاف کیلئے ووٹ نہیں بلکہ ہم پر اعتماد کر کے ووٹ دیا ہے، سربراہ جمہوری وطن پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی طرف سے اب تک ایک وعدہ وفا نہیں ہوا ہے، ہمیں لوگوں نے پاکستان تحریک انصاف کیلئے ووٹ نہیں بلکہ ہم پر اعتماد کر کے ووٹ دیا ہے کہ آئین پاکستان کے تحت ان کے بچوں کیلئے تعلیم، صحت، پانی سمیت دیگر سہولیات فراہم کر سکیں اگر ہم بنیادی سہولیات فراہم نہ کر سکے تو پھر کیا فائدہ حکومت میں رہنے کا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے کہا کہ 2018ء کے الیکشن کے بعد پاکستان تحریک انصاف کا ایک وفد کوئٹہ بگٹی ہاؤس آیا تھا جس میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی، پرویز خٹک، جہانگیر ترین، سردار یار محمد رند، پنجاب اور سندھ کے گورنرز شامل تھے انہوں بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پاکستان کے 2 ارب 41 کروڑ ڈالر کے قرضوں کی ادائیگی ری شیڈول ہوگی

ورلڈ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق 2020 میں ملک کو کل 8 ارب 97 کروڑ 40 لاکھ ڈالر ادا کرنا تھا

کراچی (این این آئی) ڈیبٹ سروس معطلی اقدام (ڈی ایس ایس آئی) کے تحت پاک

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

22 جون 2020ء

بلوچستان میں اوسطاً ہر 100 سے میں صرف 7 بچیاں میٹرک پاس کر پاتی ہیں

بلوچستان میں اوسطاً ہر 100 بچیاں جو پہلی جماعت میں داخلہ لیتی ہیں ان میں سے صرف 7 بچیاں میٹرک پاس کر پاتی ہیں جبکہ باقی 93 فیصد بچیاں مختلف وجوہات کے بنا پر ڈراپ آؤٹ ہوجاتی ہیں۔ اس کے علاوہ بلوچستان میں 75 فیصد سے زائد پرائمری سکول صرف 2 کمرے یا اس سے بھی کم پر مشتمل ہیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں سول سوسائٹی کے کچھ اداروں نے تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے پاکستان میں سکول کے سطح پر تعلیمی صورت حال، تعلیم سے محروم بچیوں اور ان کے مسائل کے حوالے سے ایک جامع تجزیاتی مطالعہ شائع کیا جس کے مصنف ماہر اقتصادیات، فیڈرلزم اور پبلک فنانس امور کے ماہر عاصم بشیر خان ہیں، جو کہ نویں نیشنل فنانس کمیشن ایوارڈ (این ایف سی) کے لیے بلوچستان حکومت کے تکنیکی ماہر کی حیثیت سے بلوچستان میں بھی اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں عاصم بشیر خان نے 1993 سے 2017 تک 25 سالوں میں داخلے کے اعداد وشمار کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان میں اوسطاً ہر 100 بچیاں جو پہلی جماعت میں داخلہ لیتی ہیں ان میں صرف 7 بچیاں میٹرک پاس کر پاتی ہیں، بلوچستان میں بچوں کا ڈراپ آٹ ریٹ بہت زیادہ ہے، لیکن حیرت انگیز بات طور پر سندھ کا ڈراپ آٹ بھی بلوچستان کے برابر ہے جبکہ سندھ کا تعلیمی بجٹ بلوچستان کے تعلیمی بجٹ میں کہیں زیادہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بلوچستان کے تقریباً 75 فیصد سکولوں میں بجلی نہیں ہے، دیہی بلوچستان کے 58 فیصد سیکنڈری سکول بجلی سے محروم ہیں، 40 فیصد یا اس سے زائد پرائمری اور سیکنڈری سکولوں میں پینے کا پانی میسر نہیں ہے، 75 فیصد سے زائد پرائمری سکول 2 کمرے یا اس سے کم پر مشتمل ہے تقریباً 7 فیصد سکولوں میں کوئی کمرہ نہیں ہے۔ بلوچستان میں 2220 پرائمری اور 487 سیکنڈری سکولوں کی عمارتیں شدید مخدوش حالت میں ہیں اس وجہ سے یہ سکول اکثر بند رہتے ہیں۔ بلوچستان کے شہری علاقوں میں ہر 100 پرائمری سکولوں پر 34 سیکنڈری سکول ہیں جبکہ یہ صورت حال دیہی علاقوں میں ہر 100 پرائمری سکولوں پر صرف 18 سیکنڈری سکول ہیں بلوچستان میں پرائمری سکولوں کے مقابلے سیکنڈری سکولوں کی کم تعداد بھی سیکنڈری کی سطح پر بچیوں کی تعلیم میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اگر پرائمری میں داخل تمام بچے پانچ جماعتیں پاس کرلیں تو پاکستان اور بلوچستان دونوں کے تعلیمی نظام میں اتنی گنجائش ہی نہیں کہ ان بچیوں کو سیکنڈری تعلیم دی جاسکے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ کو چھوڑ کر بلوچستان کے تمام شہری اور دیہی علاقوں میں صرف ایک پرائمری سکول میں صرف ایک یا دو اساتذہ ہیں یعنی پانچ جماعتوں کیلئے صرف ایک یا دو اساتذہ ہے بلوچستان کے پرائمری سکولوں میں اساتذہ کی کمی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے گذشتہ 10 سالوں کے پرائمری اور سیکنڈری انرولمنٹ جائزہ میں بتایا گیا ہے کہ 2008 اور 2017 میں پرائمری اور سیکنڈری داخلوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے صرف دیہی علاقوں میں پرائمری انرولمنٹ میں کمی واقع ہوئی ہے، بلوچستان کے تعلیمی بجٹ میں ترقیاتی بجٹ کا حصہ فقط 10 فیصد کیقریب ہے، بلوچستان کے تعلیمی بجٹ میں ترقیاتی بجٹ کا حصہ بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔ رپورٹ میں تعلیم سے محروم بچیوں کیلئے دس سالہ تعلیمی منصوبہ اور اخراجات کا تخمینہ بھی پیش کیا گیا ہے، عاصم بشیر خان کا یہ تحقیقی کام پاکستان میں تعلیمی اصلاحات کے موضوع پر کئی اعتبار سے سب سے جامع اور اولین کاوش ہے رپورٹ میں دیہی اور شہری اعداد وشمار کی علیحدہ جانچ پڑتال کو یقینی بنایا گیا ہے، بیشتر حصوں میں گزشتہ 25 سالوں کے ڈیٹا اور اعداد وشمار کا جائزہ لیا گیا ہے، 2017 کی مردم شماری میں تعلیم سے محروم بچوں کا ڈیٹا نہ ہونے کی وجہ سے، ان بچوں کا الیکٹرانک ڈیٹا بیس بنانے کیلئے حکومت کو ایک مربوط پلان پیش کیا گیا ہے، خزانے میں تعلیم کے مزید رقم مختص کرنے کے حوالے سے جامع پیکیج کی تجاویز پیش کی گئی ہیں، یہ تحقیقی رپورٹ پاکستان میں تعلیمی اصلاحات کے ضمن میں اپنی نوعیت کا سب سے منفرد اور اعلیٰ کام ہے، اس سے حکومت کو تعلیمی اصلاحات کا طویل المدت پروگرام بنانے میں بھرپور معاونت ملے گی۔

خسارے کے بجٹ میں وعدہ ءفردا پہ واعظ نے ٹرخادیا

محمد اعظم عظیم اعظم

گزشتہ دنوں خود کو عوام کی مشکل کشائی کا دم بھرتی حکومت نے کرونا وبا اور ٹڈی دل کے حملوں کے ساتھ

بجٹ بے ثمر کے موسم میں آئندہ مالی سال 2020-2021 کا 3437 ارب روپے خسارے کے ساتھ 37 ارب روپے کا اپنا دوسرا بے ثمر کا بجٹ پیش کردیا ہے۔

جس پر ایک طرف جہاں حکومت کا یہ دعویٰ ہے کہ بائیس سال بعد عوامی خواہشات پر ان کی وادری کے لئے اقتدار میں آنے والی اپنی نوعیت کی ہر دل عزیز پی ٹی آئی کی حکومت (کرونا وبا اور ٹڈی دل کے حملوں میں) اس سے بہتر اور اچھا بجٹ پیش نہیں کرسکتی تھی۔ جب کہ وہیں حکومت کا یہ بھی وعدہ اور دعویٰ ہے کہ اس بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا، وفاقی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں بھی ایک پائی کا اضافہ نہیں کیا گیا، افسوس کی بات یہ ہے کہ اس موقع پر بجٹ پیش کرنے والے وزیر نے گردن تان کر اور سینہ پھلا کر ڈھٹائی کے انتہائی درجے پر پہنچ کر یہ اعلان بھی کیا کہ سرکاری ملازم پرانی تنخواہ پر کام کریں گے، پنشن بھی نہیں بڑھے گی" جناب عالی! ہمارے وفاقی تنخواہ اور پنشن دار طبقے کا دل توڑنے کے لئے اتنا ہی کہہ دینا کافی تھا۔ مگر نہیں جناب ..!! جب اس سے بھی بات نہیں بنی تو وزیر موصوف نے اپنے تئیں فہم وفراست بھرے لہجے میں مزید یہ بھی کہہ دیا کہ" آٹھ برس (وفاقی تنخواہ اور پنشن دار طبقے) کے لئے اس مد میں کوئی رقم بھی مختص نہیں کی گئی ہے" جب وفاقی وزیر لپک لپک کر بل کھاتے اور اتراتے ہوئے یہ سب کہہ رہے تھے۔

تو ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے حکومت نے یہ سب کہہ کر اپنے لبوں پر مسکراہٹ ڈال کر انہیں ہمیشہ ہمیشہ (یا کم از کم ایک سال تک) کے لئے تو ضرور اپنے لب اور کان میں روئی ٹھوس کر بند کرلئے ہیں۔ (یہاں ہم نے لب سینے کی بات یوں نہیں کی ہے کیوں کہ لب سینے والا معاملہ وزیراعظم عمران خان کی حکومت میں اپنے مخالف صحافیوں، کالم نگاروں، تجزیہ کاروں کے لئے رکھ چھوڑا ہے)۔ آج یقین ہوگیا ہے کہ اس بجٹ میں وفاقی تنخواہ اور پنشن دار طبقوں کو ناکارہ پرزہ اور ردی کی ٹوکری میں پڑے کاغذ کے ٹکڑے جتنی بھی اہمیت نہیں دی گئی ہے۔ جب کہ اصل حقیقت یہ ہے حکومت کو ہاتھ پکڑ کر چلانے والا یہی وفاقی تنخواہ دار طبقہ ہی ہے۔ آج تک جو حکومت کے بے جان لاشے میں آکسیجن بھر کر کھینچے جارہا ہے۔ ورنہ اس حکومت میں کہاں اتنا دم اور اتنی صلاحیت ہے کہ یہ خود سے ایک قدم بھی چل سکے۔

حالاں کہ بجٹ سے قبل حکومت نے وفاقی تنخواہ اور پنشن دار طبقوں کو اگلے مالی سال کے میزانیے بے ثمر میں ان کی تنخواہیں اور پنشن بڑھانے کے بڑے بڑے دعوے اور وعدے کئے تھے۔ مگر جب حماد اظہر نے بجٹ بے ثمر پیش کیا تو اس میں سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو دودھ میں پڑی مکھی کی طرح نکال باہر پھینکا۔ بجٹ میں وفاقی سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی بے توقیری دیکھ کر شاعر کے یہ اشعار لب پر آئے بغیر نہیں رہ سکے بقول شاعر۔

محبت گل نے ہر ان کا چمن مہکا دیا کاغذی پھولوں سے
قدرت نے ہمیں بہلا دیا
انکو بخشی گئیں فردوس کی حوریں یہاں وعدہ ءفردا پہ واعظ
نے ہمیں ٹرخا دیا
ان کا ساغر تھا پر، خالی مرا پیمانہ تھا ایسا میخانے میں ہوگا،
یہ کبھی سوچا نہ تھا
"زندگی بھر ہم رہے خوش فہمیوں میں جتنا خواب تھا جو کچھ
کر دیکھا، جو سنا افسانہ تھا
ہم نے دیکھی صبح جو خورشید سے محروم تھی ہم نے دیکھی
رات، جو تعبیر سے بیگانہ تھی
آخر شب تھے جہاں بنگلے بنائے ہاؤ ہو صبح دم اس بزم
میں خاکستر پروانہ تھی

حقیقت تو یہ ہے کہ بائیس سال تک مگر مچھ کے آنسو بہا بہا کر خود کو سب سے بڑی عوامی ہمدرد ظاہر کرنے والی پی ٹی آئی کے عوام دشمن قول وفعل اب سامنے آرہے ہیں۔ اُف اس جماعت نے کیسے بے وقوف بنایا اور کب تک مزید بناتی رہے گی۔؟ آج ان لیگ اور پی پی پی کی حکومتوں پر نااہلی اور عوام دشمنی کے تحفیوں کے رہرلے نشتر چلاتی پی ٹی آئی کی حکومت نے بھی اپنی ناتجربہ کاری اور نااہلی سے پونے سال میں ہی طرح طرح کے بحرانوں اور مہنگائی کی چکی میں پیس کر عوام کی ہڈیوں کا سرمہ بنا دیا ہے۔

جب کہ اس سے بھی انکار نہیں ہے کہ آج پاکستانی عوام اور خود پی ٹی آئی کے حامی بے روزگار نوجوانوں اور ووٹرز کو لگ پتہ گیا ہے کہ پی ٹی آئی کے جن سیراب نما نعروں کے پیچھے بھاگ کر ان لوگوں نے اس جماعت کو ووٹ دے کر یہاں تک پہنچایا ہے۔ دراصل عوام کے لئے خوشحالی اور نئے پاکستان کا خواب لئے ایڑیاں رگڑنے کے بعد اقتدار میں آنے والی پاکستان تحریک انصاف اور اس کے سربراہ وزیراعظم عمران خان کی حکومت کا نہ تو پچھلا ہی بجٹ عوامی امنگوں پر پورا اُتر سکا تھا اور نہ ہی حکومت کا یہ دوسرا بجٹ جسے حکومت تاریخی خسارے کا ٹیکس فری بجٹ کہہ کر دھمال اور بھنگڑے ڈال رہی ہے یہ بجٹ اپنے بطن سے کئی منی بجٹوں کی پیداوار کا سبب بنے گا اور نمک میں کئی نئے بحرانوں اور مہنگائی کے طوفانوں کو لائے گا۔ یقین جانئے اس بجٹ میں بھی عوام کو سوائے مہنگائی اور بحرانوں کے نئے طوفانوں کے خوشحالی نصیب نہیں ہوگی۔

دراصل بات یہ ہے کہ ابھی مزید کئی سال تک پی ٹی آئی والوں کو اقتدار نہیں ملنا چاہئے تھا کیوں کہ یہ جماعت جنرل الیکشن تک اس قابل نہیں ہوئی تھی کہ اسے بائیس کروڑ عوام کی حکمرانی سونپ دی جاتی، پتہ نہیں اِدھر اُدھر کی کن زمینی خفیہ طاقتوں نے گٹھ جوڑ کرکے پاکستان تحریک انصاف کو مسندِ اقتدار کی ذمہ داری دے دی۔ آج جس نے عوام کا مہنگائی سے سر کچلا سو کچلا، ملکی معیشت، استحکام اور اداروں کا بھی ستیاناس کرنے کے درپے پہنچا دیا گیا ہے۔

تاہم سندھ حکومت جو اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق سے مدر پدر آزادی کا علم بلند کئے وفاق کے خلاف بھرپور طریقے سے جنگی بنیادوں پر جارحانہ انگڑائیاں لینے میں مصروف عمل ہے۔ جس نے تہیہ کر رکھا ہے کہ بس اسے وفاق کی ایک نہیں سُننی ہے۔ بس سب کچھ وفاق کے حکم اور ڈکٹیشن کے خلاف اُلٹ ہی کرنا ہے۔

آج تک کرونا وبا پر لاک ڈاؤن جیسے معاملے پر سندھ حکومت، وزیراعلیٰ سندھ اور پی پی پی کے چیئرمین بلاول زرداری سمیت سندھ کے اداروں نے اپنی ہی مرضی چلائی ہے۔ جس پر وفاق پہلے ہی سیخ پا تھا کہ پچھلے دنوں جب وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بجٹ 2020-2021 کا 8 ارب 37 کروڑ خسارے کا 1241 ارب 12 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا تو وفاق اور تین صوبوں کے برعکس سندھ حکومت نے پنشنرز کے علاوہ گریڈ ایک سے 16 کے ملازمین کی تنخواہ میں 10 فیصد 17 سے 21 تک 5 فیصد اضافے کا اعلان کرکے نہ صرف حیران کردیا بلکہ کھلم کھلا طور پر وفاق کے ساتھ جیسے اعلان ضد بھی کردی ہے کہ ہم اپنے فیصلے کرنے میں خود مختار ہیں۔ ہمیں وفاق کے دباؤ اور حکم وڈکٹیشن کے بغیر وہ سب کچھ کرنا ہے۔ جسے ہم اپنے لئے بہتر سمجھتے ہیں۔ ویلک! اب وفاق کو سوچنا ہوگا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق کی کیا حیثیت رہ گئی ہے؟ وفاق کہاں کھڑا ہے؟

ویسے رقم الحرف کی سوچنے اور سمجھنے کی سوئی اس نقطے پر رک گئی ہے کہ آج اگر کرونا وبا کے معاملے پر وفاق ملک بھر میں سخت لاک ڈاؤن کا حامی ہوتا؛ تو سندھ حکومت صوبے میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کرنے پر بضد ہوتی؛ یکدم ایسے ہی آج جب وفاق نے سرکاری ملازمین کی تنخواہ اور پنشن بجٹ میں نہیں بڑھائی ہے۔ تو سندھ حکومت نے اپنے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہ اونٹ کے منہ میں زیرہ اور آٹے میں نمک جتنی ہی بڑھادی ہے۔ جب کہ ہمیشہ یہی دیکھنے میں آیا ہے کہ سندھ حکومت کو وفاق سے شکوہ ہی رہتا ہے کہ وفاق سندھ کے ساتھ اِسے رقم کی ادائیگی میں تعاون نہیں کررہا ہے۔ اگر واقعی ایسا ہے جس کا ہمیشہ رونا سندھ حکومت روتی رہتی ہے؛ تو پھر اب سندھ حکومت نے اپنے بجٹ 2020-2021 میں سرکاری ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیوں کیا ہے؟ اگر اسے رقم کی تنگی تھی؛ تو سندھ حکومت بھی وفاق اور دیگر تین صوبوں کی طرح اپنے سرکاری ملازمین تنخواہ میں اضافہ نہیں کرتی.....!! وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور سندھ حکومت وعدہ کرے کہ آج اگر وفاق سے ضد کی بنیاد پر سرکاری ملازمین کی تنخواہ بڑھائی گئی ہے۔ تو پھر سید مراد علی شاہ اور سندھ حکومت وفاق سے رقم کی ادائیگی کا کسی بیوہ عورت کی طرح بار بار اپنی بے بسی اور بے کسی و مجبوری کا رونا بھی نہیں روئے گی۔ (ختم شد)

طارق عزیز۔ منفرد لہجے کا صداکار (آخری قسط)

محمد فاروق خان

میں بھی اداکاری کی۔ ۱۹۶۷ میں ان کی پہلی فلم انسانیت ریلیز ہوئی ان کی دیگر مشہور فلموں میں سالگرہ، قسم اس وقت کی، کنواری، چراغ کہاں روشنی کہاں، ہار گیا انسان قابل ذکر ہیں۔ انہیں انکی فنی خدمات پر بہت سے ایوارڈ ملے ہیں حکومت پاکستان کی طرف سے ۱۹۹۲ میں حسن کارکردگی سے نوازا گیا۔ طارق عزیز نے سیاست میں بھی حصہ لیا اور ۱۹۹۷ تا ۱۹۹۹ رکن قومی اسمبلی رہے۔ طارق عزیز پاکستانی تحت اللفظ اور مرثیہ خوان رہے۔ طارق عزیز ایک علم دوست انسان تھے قلم کو اپنے اظہار کے لیئے استعمال کیا۔ ان کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔ کتابوں سے انہیں عشق تھا۔ ان کے کالموں کا مجموعہ داستان کے نام سے اور پنجابی شاعری کا مجموعہ کلام ہزار داد کے نام سے شائع ہوا۔ انہوں نے اردو اور اپنی مادری زبان پنجابی میں بھی شاعری کی۔

دو سالوں کے ایڈیٹر بھی رہے۔

۱۶ جون ۲۰۲۰ کی شام کو طارق عزیز کا نوٹ (یوں لگتا ہے وقت ختم گیا ہے، رواں دواں زندگی رک گئی ہے، کئی دنوں سے بستر پر لیٹے لیٹے سوچ رہا ہوں کہ آزادانہ نقل وحرکت بھی مالک کی کتنی بڑی نعمت تھی، نجانے پرانا وقت کب لوٹ کے آتا ہے، ابھی تو کوئی امید نظر نہیں آرہی۔)

طارق عزیز نے اس دنیا کو خیرآباد کہنے سے پہلے اپنے ٹویٹ میں لکھا کہ آزادانہ نقل وحرکت بھی مالک کی کتنی بڑی نعمت تھی۔ اس مالک کی کن کن نعمتوں کا ذکر اور شکر ادا کیا جائے۔ جس نے ہمیں موت جیسی نعمت سے بھی سرفراز فرمایا۔ موت کی نعمت کی قدر بستر مرگ پر پڑے زندگی ہارنے والے شخص سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

صحافی برداری کا قائی قبیلہ

قادر خان یوسف زئی

صحافی برداری وقائی قبیلے میں بڑی حد تک مماثلت پائی جاتی ہے، اس اَمر کا احساس مجھے سریل 'ارطغرل غازی' دیکھنے کے بعد ہوا۔ صحافی برداری کا ارطغرل غازی کوئی نہیں، یہ مسلم حقیقت ہے۔ قائی قبیلے و صحافی برداری میں سب سے قدر مشترک، ان کا جہد مسلسل میں رہنا ہے۔ صحافی اپنے قلم سے حلیمہ خاتون، شہباز اور شاہینہ کی طرح محبت کرتا ہے اور ان کی طرح جان بھی خطرے میں ڈال دیتا ہے، کئی مرتبہ بھاری قیمت بھی ادا کرنی پڑتی ہے، بدقسمتی سے اس قبیلے میں قُرط اوغلو، اورال اور قرط طویغار جیسے کردار بھی پائے جاتے ہیں جب کہ باسی بابر، دمیر، روشان اور ترگت الپ جیسے کردار اپنے فرض کے ساتھ مکمل وفادار، ان کے مقابل ہیں۔

صحافتی قبیلے میں شاہ سلیمان اور ارطغرل غازی جیسا کوئی سربراہ نہیں جو اپنے دوراندیش فیصلوں سے مسائل کو حل کرنے میں معاون بن سکے، ابن عربی کی مثل کئی کردار ہیں، لیکن یہ صرف ماضی کے سنے قصے ہی سناتے رہتے ہیں۔ قائی (صحافی) قبیلے میں چھوٹے چھوٹے گروہوں کے اختلافات کو گل دار وحل کرنے کی کوشش تو کرتا رہتا ہے لیکن اس میں قوت فیصلہ کی کمی اور اثر رسوخ کے حامل قوتوں کے اثرات قبول کرنے کی تاثر کی وجہ سے موثر طاقت نہیں، گو، گل دارو بہادر ہے لیکن اس میں کچے کانوں اور سازشوں کو سمجھنے میں صلاحیت کی کمی کے باعث قبیلہ مستقل آزمائشوں میں ہی رہا۔ قائی قبیلہ امن وسکون کے لئے جنگ کو ترجیح دیتا ہے، لڑتے لڑتے کئی جانبازوں کی قربانیاں بھی دیتا ہے، اُسے کئی اطراف سے مخالفین کا سامنا بھی رہا۔ لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب جنگ سے تھک کر امن کے طالب ہوتے ہیں۔

اس اَمر کی وضاحت ضروری ہے کہ قائی قبیلے کو صحافی برداری سے کیوں تشبیہ دے رہا ہوں، اس کی بنیادی وجہ صحافت سے وابستہ احباب اچھی طرح جانتے ہیں، اداروں میں گروپ بندیاں، ٹانگیں کھینچنا اور فروعی مفادات کے لئے حد سے تجاوز کرنا عام روایت ہے۔ ارطغرل سریل کے تمام کردار کسی نہ کسی شکل میں ہمارے معاشرے، سیاست، خاندانوں و ذریعہ معاش کے اداروں میں بہ اتم پائے جاتے ہیں۔ تاہم برسہا برس سے حل نہ ہونے والے مسائل کا ذکر کرنے سے گریز کروں گا، کیونکہ اس وقت کرونا صورتحال میں صحافی برداری کو جن مسائل کا سامنا ہے، پہلے اس کے لئے سنجیدگی کی ضرورت زیادہ ہے۔ کرونا کی وجہ سے اخباری صنعت کا پہیہ جام ہوچکا ہے، پرنٹ میڈیا سے وابستہ صحافیوں کو جن مسائل کا سامنا ہے، انہیں حل کرنے کے لئے قائی قبیلے کی طرح مسائل حل کرنے والے ارطغرل شاید موجود ہوں، لیکن وہ مثبت کردار ادا نہیں کرپا رہے، جس کی توقع صحافی برداری کرتی ہے۔ اس کی وجوہ کیا ہیں، یہ ہم سب اچھی طرح جانتے ہیں۔

صحافی برداری کی بدقسمتی ہے کہ وہ مسائل کو بیان کرنے کے لئے اپنے ذرائع ابلاغ کی اُس طرح مدد بھی نہیں لے سکتا، جیسے کسی ایشوز کے لئے آواز اٹھاتے ہیں، یہاں تک کہ اس کی بیشتر رپورٹنگ پر جان سے مارنے کی دھمکیاں اور شہادت مقدر بن جاتی ہیں، قائی قبیلے کی طرح اُس شہید کو بے وطن، دفن کرکے اس کا 'قلم' سرنشان تو بنا دیا جاتا ہے لیکن اُس کے بعد قلم کے مزدور کا خاندان کی گذر اوقات ومسائل کا قالو اپ دیکھنے و پڑھنے کو نہیں ملتا۔ قائی قبیلہ بڑے مقصد کے لئے بڑھتا رہتا ہے اور شہادتوں کی داستانوں میں بہادروں کی جرات کو رقم کرتے کرتے بالآخر اپنی منزل بھی پالیتا ہے، قبیلے، سرداروں اور محلاتی سازشوں سے مقابلہ کرتے کرتے ایک عظیم سلطنت کی بنیاد بھی رکھ دیتے ہیں، لیکن صحافی برداری کے مجاہدین (جدوجہد کرنے والے) کو چاہ دار قبیلے کا کوئی نشاں وامید نظر نہیں آتی۔

ریاست کا صحافی برداری کو "سردار اعلیٰ" کا اعزاز دینے کے باوجود مسائل کو حل کرنے کے لئے بالخصوص کرونا وبا میں کس قدر تعاون کررہے ہیں، یہ لکھتے ہوئے بھی شرمندگی محسوس ہورہی ہے کہ ان کو لگتا ہے کہ جیسے صحافی، کرونا پروف اور سپر مین ہیں، آتشیں گولیوں اور بیماریوں وحادثات کا اثر نہیں ہوتا، انہیں خوردونوش کی بھی ضرورت نہیں، بھاری بھاری یوٹیلٹی بلز بھی بھرنا نہیں پڑتے، ٹرانسپورٹ فری اور پیٹرول مفت ملتا ہے۔ ان کے لئے "احساس" کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ صحافی ایک خلائی و ماورائی مخلوق ہے۔ قائی قبیلے کے خوبصورت ودیدہ زیب قالینوں کی طرح لفظوں کو ہیرے موتی سے مزین کرکے سربازار فروخت کرنے کے لئے سر، نیزے پر رکھوایا جاتا ہے۔ ہزاروں صحافی بے روزگار ہوچکے، یہ قلم کے مزدور دوسرا کوئی کام بھی نہیں جانتے، انہوں نے برسہا برس سے صرف قلم سے لفظوں کو پرویا ہے۔ انہیں نہیں معلوم کہ دودھ کی نہر نکالنے کے لئے پہاڑ کس طرح کھودے جائیں۔ ان کے مقابل صحافی لبادے میں سعد تمین کو پیک کی مثل زیادہ کامیاب، وہ ہیں جن کے پاس کھسن ودیسی گھی کی اشرفیاں وافر مقدار میں موجود ہے۔

ریاست، میڈیا ہاؤسز کے ان قلمی مجاہدین سے بہت کچھ چاہتی ہے، لیکن ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے زبانی جمع خرچ کے سوا کبھی کچھ نہیں۔ عوام شاید اس حقیقت سے کم آگاہ ہیں کہ صحافی برداری کے 95 فیصد احباب کو بدترین حالات کا سامنا ہے، ان کے مسائل کو کم کرنے کے لئے بیشتر میڈیا ہاؤسز جتنا کرسکتے تھے اور کررہے ہیں وہ بہت بڑا عمل ہے۔ کم از کم میرا ذاتی تجزیہ ہے کہ کوئی نہیں چاہتا کہ ان کے قبیلے کا فرد حوادث زمانہ کا شکار بن کر سیاہ تاریخ میں گم ہوجائے۔ لیکن اس افراتفری کے دور میں اژدحام کا یہ عالم ہے کہ وہ خود خوف زدہ ہیں کہ کسی ہاتھی کے پیر تلے کچلنہ جائیں۔ یقین کیجئے میڈیا کو حقیقی معنوں میں بدترین زوال کا سامنا ہے۔

میڈیا کے اداروں میں دو قبیلے قائی (صحافی) و دوودرگا (مارکیٹنگ) ہیں۔ جن میں اتحاد کا مظاہرہ بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ مارکیٹنگ مجموعہ کو بھی پریشانی کا سامنا ہوتا ہے کہ وہ کسی بھی طرح پروڈاکٹ کو فروخت کرنا چاہتے ہیں تاکہ اُن کا کمیشن پکا ہو۔ لیکن جب تک پراڈکٹ میں دَم خم نہیں، کسی چورن کو زیادہ عرصے تک فروخت نہیں کیا جاسکتا، انہیں چاہ دار قبیلے کی حکمت عملی اپنانی ہوگی۔ بکشی میں پیادے مارے اور ان کے خیمے جلا دیئے جاتے ہیں، بالخصوص صحافی قائی قبیلے کو مشورہ ضرور دوں گا کہ قُرط اوغلو اور قرط طویغار جیسے کرداروں سے بار بار خود کو نہ ڈسوائیں، گل دارو، سردار خوشنود اور تہمور جیسے کم فہم کرداروں پر زیادہ بھروسہ کرنا مشکلات میں اضافہ ہی کرے گا۔ جو کسی کے حق میں بہتر نہیں۔

ذرا جرآت کے ساتھ

میرا سلم رند

(سیف سٹی پروجیکٹ یا کوئٹہ کے عوام کے لئے اذیت)

کوئٹہ شہر میں کرائم کو کنٹرول کرنے کے لئے سیف سٹی پروجیکٹ کا پروگرام بنایا گیا ہے جس کے لئے تمام کوئٹہ شہر میں کیمرے نصب کئے جائیں گے یہ پروگرام گزشتہ 8 سال سے اندر پروسیس تھا آخر کار وزیراعلیٰ جام کمال صاحب نے اس کے پیسے صوبائی بجٹ میں شامل کرلئے گزشتہ سال اس کے MOU پر سائن کرکے کام شروع کردیا گیا اس کام کا نہ کوئی ٹینڈر اقوامی ٹینڈر منگایا گیا اور نہ ہی پیپرا کے رول ریگولیشن کو فالو کیا گیا سننے میں آیا ہے اسلام آباد کی ایک کمپنی کو ٹھیکہ دیا گیا ہے پچھلے سال جب ٹھیکیدار صاحب نے کام شروع کیا تو میٹروپولیٹن سے کوئی این او سی نہیں لی گئی حالانکہ پورے شہر کی ملکیت میٹروپولیٹن کی ہے جب بھی کوئی وفاقی یا صوبائی محکمہ کوئٹہ شہر میں ترقیاتی کام شروع کرتا ہے تو سب سے پہلے میٹروپولیٹن سے اجازت لینا لازمی ہوتا ہے لیکن اس کام میں میٹروپولیٹن سے کوئی اجازت نامہ نہیں لیا گیا زور آور حضرات نے صرف کمشنر کوئٹہ صاحب سے، زبانی کلامی اجازت لی ہے بقول راوی کے کمشنر کوئٹہ صاحب نے انہیں کہا سارا کوئٹہ شہر آپ کا ہے جہاں سے دل چاہے تھوڑ پھوڑ کرو، اس مد میں ایک روپیہ بھی میٹروپولیٹن میں جمع نہیں کیا گیا میری اطلاع کے مطابق میٹروپولیٹن کا ریٹ 856 روپے فی مربع فٹ کے حساب سے تقریباً روڈ کٹنگ کی مد میں 1 ارب روپے سے بھی زیادہ بنتا ہے، لیکن اس کام میں ایک فٹ کا پیسہ بھی ادا نہیں کیا گیا اگر اسی طرح ہر کمپنی نے مفت کوئٹہ شہر کو تھوڑنا شروع کردیا تو میٹروپولیٹن اپنے بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے پیسے کہاں سے وصول کرپائے گی سرکاری کام کا حصول ہے کام کرنے سے پہلے اس کام کا ٹوکن پی سی ون بنایا جاتا ہے اس میں تمام چیزوں پر ڈسکس کیا جاتا ہے پھر ہر مد کے لئے علیحدہ پیسے رکھے جاتے ہیں مجھے امید ہے اس سیف سٹی پروجیکٹ کے روڈ کٹنگ کے لئے بھی پیسے رکھے ہونگے لیکن ایک پرائیویٹ کمپنی کا روڈ کٹنگ کی مد میں پیسے جمع نہ کروانا سراسر زیادتی ہے دوسری ستم ظریفی یہ ہیں کہ کمپنی موصوم کوئٹہ میں کام کروانے کے لئے تمام لیبر اسٹاف بھی دوسرے صوبوں سے لیکر آئی ہیں، یہ تو صرف اپنے کوئٹہ کے عوام کے معلومات میں اضافے کے لئے تھا، اب آتے ہیں اصل مقصد کی طرف جس کے لئے میں یہ کالم لکھ رہا ہوں گذشتہ ہفتے سے اس سیف سٹی کے لئے کیمے لگائیں جارہیں ہیں لگتا ہے اس پروجیکٹ کا ماسٹر پلان بھی کسی پردیسی بابو نے بنایا ہے کوئٹہ شہر میں پہلے ہی تمام شاہراہوں پر ٹریفک جام رہتا ہے جسکی وجہ سے روزانہ کوئٹہ کے لاکھوں عوام اذیت سے گزرتے ہیں اس پر سونے پے سہاگہ کا کام سیف سٹی پروجیکٹ والے کررہے ہیں ہر شاہراع کے کارنر پر کیمروں کے لئے کھبا لگایا جارہا ہیں جسکی وجہ سے کوئٹہ شہر کے تمام مین کارنر 6 سے 8 فٹ چھوٹے ہوجائیں گے لگتا ہے انہوں نے ٹریفک پولیس سے بھی مشورہ کرنا گوارہ نہیں کیا ہے یوں لگتا ہے گوگل کے ذریعے پی سی ون بنایا گیا ہے اسی وجہ سے اندھیرے میں تیر چلائیں جارہے ہیں اب کورونا کی وجہ سے اسکولز بند ہیں اسکول کھلنے کے بعد ان شاہراہوں پر مزید عوام کو ذہنی کوفت اور اذیت سے گزرنا پڑے گا اس آرٹیکل کے ذریعے وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف سیکرٹری بلوچستان سے گزارش ہے آپ حضرات خود آکر چیک کرلیں عوام کو کس اذیت میں ڈالا جارہا ہے یہ تو پیسے لیکر چلے جائیں گے لیکن تمام عمر کوئٹہ کے شہریوں کو اس اذیت سے گزرنا پڑے گا اس سے پہلے بھی سیکورٹی کے لئے مین شاہراہوں پر بیری کیٹس لگائے گئے تھے جن پر کروڑوں پر کا خرچہ آیا تھا بعد میں ان تمام بیری کیٹس کو ٹین بوری بوجل والے یا ہیروئنی لے کر چلے گئے ہم کیونکہ عوامی مفادات کو اپنی ذاتی مفادات کے لئے قربان کر دیتے ہیں یہ کچھ سے بالاتر ہے؟

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

دودھ فروش بچہ وزیر اعظم بن گیا

دنیا کا واحد وزیر اعظم جس کا جنازہ کرائے کے گھر سے اٹھا تھا۔ ایک نشان عظمت جو ہم سب کیلیے باعث فخر ہے۔ جو پاکستان پیپلز پارٹی کی اصل پہچان تھا۔ ایک دودھ بیچنے والے وزیر اعظم کی داستان حیات جو د

شال بقیہ 1

کو اپنی ناکامی تسلیم کرکے فوری مستعفی ہوجانا چاہیے۔ اتوار کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ سردار اختر مینگل نے ملاقات کی جس میں موجودہ سیاسی وکورونا صورتحال، بلوچستان کے معاملات اور وفاقی کی جانب سے جاری کردہ آئندہ مالی سال 2020-21 بجٹ سمیت مختلف امور زیر غور آئے۔ ملاقات کے بعد سردار اختر مینگل مولانا فضل الرحمن کی رہائش گاہ سے روانہ ہوئے تو اس دوران صحافی نے سردار اختر مینگل سے سوال کیا کہ مولانا فضل الرحمن سے کیا بات ہوئی ہے؟ سردار اختر مینگل نے جواب دیا کہ ساری باتیں اب آپ کے سامنے تو نہیں رکھ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن سے ذاتی تعلق ہے اس وقت بھی جے یو آئی کے ساتھ بلوچستان میں اپوزیشن میں ہیں، مولانا فضل الرحمن کی جماعت پورے پاکستان میں موجود ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا آپ اپوزیشن کا حصہ بن گئے ہیں، سردار اختر مینگل نے کہا کہ بات چیت چل رہی ہے، اپوزیشن کے ساتھ قربتیں بڑھ رہی ہے، جس دن ہم اپوزیشن میں آگئے تو اپوزیشن کو صحیح اپوزیشن کرکے چلائیں گے، انہوں نے کہا کہ ریاست اور ریاستی ادارے اور حکومت دونوں کے الفاظ میں کہہ دے کہ ہمارے مطالبات جائز نہیں ہے، اگر ہمارے مطالبات غیر آئینی ہیں تو ہم کسی اور کا دروازہ کھٹکائیں، یا پھر مرشد کی درگاہ پر جائیں۔

شال بقیہ 2

سے 3 ہزار 500 پاکستانی جاں بحق ہوچکے ہیں جن میں تقریباً 72 فیصد جاں بحق افراد کی عمر 50 سال سے زائد تھی۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ جاں بحق ڈھائی ہزار افراد کی عمر 50 سال سے زائد تھی، جاں بحق 70 سے 75 فیصد افراد پہلے سے کسی بیماری میں مبتلا تھے، کورونا سے جاں بحق افراد کو پہلے سے بلڈ پریشر، ذیابطیس یا دل کا عارضہ تھے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ وزارت صحت نے بزرگ افراد کیلئے گائیڈ لائنز بنائی ہیں، بزرگ افراد کو احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہ کرنا چاہیے۔ معاون خصوصی صحت نے کہا کہ وبا کے دوران ہمیں اپنے بزرگوں کا خاص خیال رکھنا ہے کیونکہ احتیاطی تدابیر اختیار کرکے ہی کورونا سے بچا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا سے بچنے کے لیے عوامی مقامات پر فیس ماسک کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ معاون خصوصی صحت نے کہا کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے 5 چیزوں کا خیال رکھنا ہے، کورونا سے بچاؤ کیلئے ماسک کا استعمال انتہائی ضروری ہے، پرہجوم جگہ پر کسی بھی قسم کا ماسک پہننا ضروری ہے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں، گلے ملنے اور ہاتھ ملانے سے گریز کریں، ہاتھوں کو 20 سیکنڈ تک بار بار دھونا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیمار افراد کے کورونا وائرس میں مبتلا ہونے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں، کورونا سے بچنے کیلئے بزرگوں اور بیمار افراد کا خاص خیال رکھنا ہے۔

شال بقیہ 3

وہ علاقے ہیں جہاں احتیاطی تدابیر نہ ہونے اور دیگر وجوہات کی بنا پر کورونا بہت تیزی سے پھیل رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہاٹ سپاٹس کی تفصیلات تمام متعلقہ صوبوں کو فراہم کردی گئی ہیں تاکہ صوبے اپنے اپنے علاقوں میں صحت سے متعلق ضروری اقدامات کرسکیں۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ پورے ملک میں لاک ڈاؤن کرنے کی بجائے ہاٹ سپاٹس پر سمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی بہت بہتر ہے۔ انہوں نے آگاہ کیا کہ ان 92 ہاٹ سپاٹس میں پورے پاکستان میں موجودہ مصدقہ متاثرین کا 40 فیصد حصہ بستا ہے جبکہ یہ علاقے پوری پاکستان کی آبادی کا صرف تین فیصد ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ صرف تین فیصد آبادی کو لاک ڈاؤن کرکے اس مرض کے 40 فیصد متاثرین کو وائرس آگے منتقل کرنے سے روکا جاسکتا ہے۔ انہوں نے آگاہ کیا کہ اسلام آباد میں مزید 189 آکسیجن بیڈز فراہم کیے جارہے ہیں جبکہ جولائی کے آخر تک ملک بھر میں 2100 آکسیجن بیڈز کا اضافہ کیا جائے گا۔

شال بقیہ 4

کینسر ہسپتال کا منصوبہ ایک ارب 70 کروڑ روپے کی لاگت سے دو سال میں مکمل ہوگا سرحدی علاقوں میں وفاق سے مل کر 13 بارڈر مارکیٹ قائم کی جارہی ہیں، یہ بات انہوں نے اتوار کو سول سیکرٹریٹ کوئٹہ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، میر ظہور بلیدی نے کہا کہ گذشتہ سال پیش کردہ بجٹ کا حجم 419 ارب روپے تھا، اس بار 465 ارب کا بجٹ پیش کیا گیا، تاہم صوبے کو آئندہ سال بجٹ میں 87 روپے کے خسارے کا سامنا ہے، صوبائی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ملک کو اس سال کورونا وائرس کی وجہ سے مالی بحران کا سامنا رہا ہے صوبائی حکومت کی جانب سے صحت، تعلیم، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، مواصلات سمیت تمام شعبوں اور تمام علاقوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔

شال بقیہ 6

نے میڈیا کے سامنے کہا تھا کہ ہم وعدے وعید نہیں کرتے بلکہ عملی جامہ پہنائیں گے، وزیر اعظم عمران خان حلف کے بعد ملک کے پسماندہ علاقوں کو دیگر شہروں کے برابر ترقی دیں گے، دو سال میں ایسا کچھ نہیں ہوا، بلوچستان میں نواب اکبر بگٹی کی شہادت کے بعد لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے بے گھر ہوئے جن میں ڈیڑھ لاکھ بگٹی مہاجرین آج بھی اپنے گھروں سے دور ہیں اس کے علاوہ بلوچستان کے براہوی وبلوچ ایریا ہے اور دوسری جانب پشتون ایریے میں کے علاوہ سندھ اور پنجاب میں بہت سے بگٹی بے یار ومددگار رہ رہے ہیں، ہدایت بھی جاری ہوچکے ہیں لیکن عمل نہیں ہوا وزارہ رپورٹ اب تک جمع نہیں کرا سکے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ وفاق کتنا سنجیدہ ہے، بلوچستان میں گیس، بجلی نایاب ہوچکی ہے لوگ بے روزگار ہوگئے ہیں، وزیر اعظم نے ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھروں کی تعمیر شامل ہیں جس کے ثمرات پاکستانی عوام کو پہنچنا چاہیے مگر ابھی تک وعدے کے علاوہ کچھ نہیں دیکھ پائی ہے، کورونا میں بھی وفاق نے بلوچستان کو نظر انداز کیا ہے سہولیات کا فقدان ہے، لاک ڈاؤن کھول دیا ہے جس کی وجہ سے اموات میں اضافہ ہورہا ہے وفاق صوبوں پر ذمہ داری ڈالی جارہی ہے، فرنٹ لائن ہیروز کی سیلرز ڈیڈکٹ ہورہی ہے۔ ہمیں لوگوں نے پاکستان تحریک انصاف کیلئے ووٹ نہیں بلکہ ہم پر اعتماد کرکے ووٹ دیا ہے کہ آئین پاکستان کے تحت ان کے بچوں کیلئے تعلیم، صحت، پانی سمیت دیگر سہولیات فراہم کرسکیں اگر ہم بنیادی سہولیات فراہم نہ کرسکے تو پھر کیا فائدہ حکومت میں رہنے کا۔

شال بقیہ 7

سے محسوس کررہا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ غیر معمولی مشکل حالات وچیلنجز ہی قیادت کی کسوٹی ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بطور سیاسی رہنما ومنتخب وزیر اعظم، پاکستان کی سیاست، معیشت اور معاشرے پر مثبت وگہرے نقوش چھوڑے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آئین کی اصل شکل میں بحالی، پارلیمان کو اختیارات کی منتقلی، صوبائی خودمختیاری اور این ایف سی شہید بی بی کی جدوجہد کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے عوام کو شناخت، عورتوں اور اقلیتوں سمیت پسماندہ طبقات کو ہر فورم پر نمائندگی بھی محترمہ شہید کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ غربت کے خاتمے اور عوام کی ترقی وبہبود کے منصوبے، دہشتگردی وانتہاپسندی کی بیخ کنی بھی شہید بی بی کی کاوشوں کے پھل ہیں۔

شال بقیہ 8

بنا کر اسکا غلط استعمال کرکے عوام کو حکومتی سہولتوں سے محروم رکھا جائے حال ہی میں محکمہ تعلیم کی جانب سے صوبہ میں تعلیمی اصلاحات میں انقلابی اقدامات شروع کرنے کیلئے سٹی ایجوکیشن پروجیکٹ کا آغاز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے لیکن محکمہ تعلیم کی جانب سے بعض اضلاع کو سٹی ایجوکیشن پروگرام سے نکال کرکے مذکورہ اضلاع کو تعلیمی پسماندگی میں اضافہ کرنے کی کوشش ہے جس کی کسی صورت میں اجازت نہیں دینگے۔ اس طرح کے اقدامات اور ناانصافی اور سرکاری عہدہ کا غلط استعمال کرنے سے نفرت کی فضاء پھیلے گا ان خیالات کا اظہار سٹی ایجوکیشن پروگرام میں حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع سمیت صوبے کے مختلف اضلاع کو قسطاً نظرانداز کرنے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر پی ایچ ای دواسا حاجی نور محمد دمڑ نے صوبے میں تعلیمی اصلاحات میں انقلابی قدم کے طور پر اہم شہروں میں ایجوکیشن سٹی پروگرام بنانے کیلئے 50 ایکڑ سرکاری زمین پر بنانے کا پروگرام خوش آئند ہے۔ ایجوکیشن سٹی پروگرام میں نظرانداز اور رہ جانے والے اضلاع کو شامل نہ کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال عالیانی سمیت تمام ارباب اختیار نوٹس لیں۔

شال بقیہ 9

اور نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالحی بلوچ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی، میر محی الدین لہڑی، جاوید بلوچ، نیشنل پارٹی کے نیاز بلوچ، ملک نصیر شاہوانی، علی احمد لانگو، پشتون تحفظ موومنٹ کے سید زبیر شاہ آغا نے اظہار یکجہتی کی۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ یہ چغل خور اور سرکاری سرپرستی میں بدمعاشی کرنے والوں کا محاسبہ ضروری ہے افسوس کی بات ہے کہ 72 سال گزر چکے ہیں اس کے باوجود پشتون بلوچ، سرائیکی اور سندھی تقسیم کے عمل سے گزر رہے ہیں، مگر یہ بات خوش آئند ہے کہ آج بھی معاشرے میں زندہ دل لوگ موجود ہیں جو دوسروں کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔

شال بقیہ 10

۔ ہفتے کے روز سعودی وزارت کھیل نے اعلان کیا تھا کہ اتوار 21 جون 2020 سے، جم اور کھیلوں کے مراکز میں کھیلوں کی سرگرمیاں دوبارہ شروع ہوجائیں گی۔ وزارت نے مواصلاتی ویب سائٹوں پر جاری بیانات میں ریزرن پروٹوکول کے لیے ہدایت جاری کی ہیں۔ ان میں سرگرمی کی واپسی کے لیے ضروری طریقہ کار شامل کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ سعودی عرب کی وزارت کھیل نے 15 مارچ 2020 کو کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تمام اطلاع ثانی ملک بھر میں مختلف کھیلوں اور تمام ٹورنامنٹس اور مقابلوں کے ساتھ ساتھ بالز اور نجی کھیلوں کے مراکز بند رکھنے کا اعلان کیا تھا۔ مملکت میں کھیلوں کی سرگرمیوں کی واپسی کا اعلان ایک ایسے وقت میں ہوا ہے جب ملک میں کورونا کی وجہ سے لگایا گیا کرفیو اور لاک ڈاؤن ختم کردیا گیا ہے۔ ملک میں ہر طرح کی تجارتی سرگرمیاں بحال کرنے، بیوٹی سیلون کھولنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

شال بقیہ 11

نے اپنے بچوں کو باہر جانے سے منع کیا کیونکہ اس دوران غلطی سے بھی سورج کو دیکھنا زندگی بھر کیلئے بینائی چلی جائے گی سورج گرہن کی وجہ سے شہر میں تاریکی ہوگئی۔

شال بقیہ 12

گورنر ہاؤس لاہور میں چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی، سینیٹر رسرفراز بگٹی، شاہ زیب دورانی، احمد خان، منظور کاکڑ، انوار الحق کاکڑ، نصیب اللہ، سینیٹر اشوک کمار، چیئرمین سینٹ کے پرنسپل سیکرٹری حماد خان مری سمیت دیگر نے ملاقات کی۔ اس موقعہ پر گفتگو کے دوران گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان پاکستان کی مضبوطی پر یقین رکھتے ہیں اور کوئی شک نہیں کہ پاکستان کی مضبوطی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی ترقی لازم ہے اور وفاقی حکومت اس کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلوچستان سمیت چاروں صوبوں میں اپنے اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کیخلاف بھی تمام صوبوں کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کو متحد ہونا چاہیے تاکہ ہم پاکستان کو اس خطرناک وباء سے نجات دلانے میں کامیاب ہوجائیں۔

شال بقیہ 13

حوالے سے حال ہی میں ایف ڈی اے کی جانب سے منظوری دی گئی تھی۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ مریضوں کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر ڈریپ نے 2 امپورٹرز اور 14 لوکل مینوفیکچررز کو اجازت نامہ جاری کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دوا کا استعمال ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق صرف تشویشناک حالت والے کورونا مریضوں کی نجانب سے ہی کیا جاسکتا ہے۔ ترجمان ڈریپ کے مطابق امریکہ، جاپان، برطانیہ اور یورپ کی جانب سے استعمال کی اجازت کے فوری بعد ہی ڈریپ نے این او سی کا اجراء شروع کردیا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ انجکشن کی فوری دستیابی یقینی بنانے کے لیے ڈریپ کی جانب سے ایمرجنسی رجسٹریشن بورڈ کا اجلاس بھی بلایا گیا۔

شال بقیہ 14

آپریشن ترتیب دے دیا۔ پی آئی اے آئندہ ہفتے سعودی عرب سے 10 ہزار افراد کو واپس لائے گی، یو اے ای سے 15 ہزار افراد کو واپس لایا جائے گا، ان 25 ہزار مسافروں کو واپس لانے کے لیے 100 سے زائد پروازیں چلائی جائیں گی، ترجمان پی آئی اے کا کہنا تھا کہ بڑی تعداد میں پروازوں کا مقصد فنڈس کی فراہمی آسان کرنا ہے۔

شال بقیہ 15

خاتون سمیت 3 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں 2 بچوں اور 3 خواتین سمیت 6 افراد زخمی ہوئے ہیں، جاں بحق افراد کی میتیں اور زخمیوں کو پسنی سول ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق 3 افراد کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ کار سوار افراد اور ماڑہ سے پسنی جارہے تھے۔

شال بقیہ 16

نے کورونا کے تازہ اعداد وشمار جاری کردیئے جس کے مطابق ملک میں کورونا وائرس سے مزید 119 اموات ریکارڈ ہوئیں جس کے بعد کورونا سے اموات کی تعداد 3501 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں مزید 4951 کیسز ریکارڈ ہوئے، ملک بھر میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 76 ہزار 617 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق سندھ میں کورونا کیسز کی تعداد سب سے زیادہ ہے، سندھ میں کورونا کیسز 67 ہزار 353 رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں کورونا کیسز کی تعداد 65739 ہوگئی، خیبر پختونخوا میں 21444، بلوچستان میں 9328 کورونا کیسز رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق اسلام آباد میں کورونا کیسز 10662، گلگت میں 1277، آزاد کشمیر میں 813 ہوگئے۔ این سی او سی کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں ملک میں کورونا کے 27855 ٹیسٹ کیے گئے، ملک بھر میں اب تک دس لاکھ اکہتر ہزار سے زائد ٹیسٹ کیے جاچکے ہیں۔

شال بقیہ 17

علاقے کو امام زیارت جانے والی چڑھائی پر پک اپ گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار خاتون اور بچہ جاں بحق ہوگیا 3 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کردیا گیا لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔

شال بقیہ 18

پولیس حوالدار محمد حنیف گھر میں اپنی پستول صاف کررہا تھا کہ دوران صفائی پستول سے گولی چل گئی جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار کی بیوی زخمی ہوگئی زخمی کو فوری طور پر شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کردیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئی مزید کاروائی ولی خان تھانہ لیویز فورس کررہی ہیں۔

شال بقیہ 19

زخمی ہوگیا ہے اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے ڈڑہ بند کے قریب ٹوٹی گاڑی تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی جس کے نتیجے میں دو افراد مطیع اللہ اور عزیز اللہ زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر مسیری اڈہ ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے تاہم حادثے میں زخمی مطیع اللہ راستے میں ہی دم توڑ گئے جبکہ زخمی کو طبی امداد فراہم کردی گئی۔

شال بقیہ 20

بلوچستان کے عوام اور فرانسپورٹرز کے مسائل حل کیے جائیں این ایف سی ایوارڈ اور گلگتان چمن بارڈرز کی بار بار بندش سے متعلق جو ایکشن بلوچستان سے تعلق رکھنے والے حقیقی قوم پرستوں بی این پی وغیرہ اور جمعیت علمائے اسلام نے لی ہیں وہ خوش آئند ہیں کاش بلوچستان کی موجودہ صوبائی حکومت بھی انکے شانہ بشانہ ہوتی لیکن صوبائی حکومت کی لاپروائی قابل مذمت ہیں، انٹرنیشنل شاہراہاں، این 40 کوئٹہ گلتان روٹ پر قائم سسٹم لیویز پولیس وغیرہ کی کے وک، چیک پوسٹوں پر مسافر کو چڑکوں اربار کھڑا کرنے کے بجائے سمگلنگ کی روک تھام بارڈر زیرو پوائنٹ پر کیا جائے ہم اینٹی سمگلنگ کے مخالف نہیں جبکہ یہ تجویز دیتے آرہے ہیں۔

شال بقیہ 21

آبادی پر مشتمل اس شہر میں 11 جون کو پہلا کیس رپورٹ ہوا تھا۔ نئے متاثرین کا تعلق بیجنگ کے جنوب مغرب میں ایک ہول سیل فوڈ سینٹر سے بتایا جارہا ہے۔ وبا کی تازہ لہر کے دوران اب تک بیجنگ میں 227 افراد متاثر ہوئے ہیں۔ چین میں چھ نئے اے سیمپٹومیٹک مریض رپورٹ ہوئے جن میں کورونا وائرس کی کوئی علامت نہیں، گذشتہ روز یہ تعداد سات تھی۔ چین میں اب تک کووڈ 19 متاثرین کی کل تعداد 83378 ہے۔

شال بقیہ 22

مختلف ممالک میں مختلف ہے۔ تفصیلات کیمطابق پاکستان کی وزیر مملکت برائے ماحولیاتی تبدیلی نے ایک ٹی وی پروگرام میں کہا تھا کہ کووڈ 19 کا مطلب ہے کہ اس کے 19 پوائنٹس ہیں جو کسی بھی ملک میں کسی بھی طریقے سے اپلائے ہوسکتا ہے، اپنی قوت مدافعت کو وہ پیدا کریں یہ فلو ہے۔ تاہم سوشل میڈیا پر اس بیان کی وجہ سے صارفین کی جانب سے ان کی معلومات پر حیرت کا اظہار اور بہت حد تک تنقیدی ردعمل کو دیکھنے کے بعد انھوں نے ان کی وضاحت کی۔ اپنی ٹویٹ میں انھوں نے لکھا کہ کہ وہ کہنا چاہتی تھیں کہ وبا کا اثر مختلف ممالک میں مختلف ہے، چند ملکوں کی خطا پر یوں ماتم کناں ہونے کے بجائے اپنی جماعتوں کے حشر پر توجہ دیں۔

شال بقیہ 23

مطابق بالائی علاقوں میں ٹریفک حادثات، بالاکوٹ میں پارس کے قریب کاروریائے کنہار میں جاگری جس کے نتیجے میں چار نوجوان جاں بحق ہوگئے، چاروں نوجوان گھروں کو واپس جارہے تھے کہ موڑ کاٹتے ہوئے گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی۔ پانی کا بہاؤ تیز ہونے کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا رہا۔ آزاد کشمیر کے علاقے وادی نیلم میں بھی مسافر وین کھائی میں جاگری جس کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق اور 13 زخمی ہوئے۔ بدقسمت مسافر وین میں پھلواری سے چندر سیری جارہے تھے کہ گاڑی کی بریک فیل ہوگئی۔ حادثے کے بعد پاک فوج اور مقامی انتظامیہ کے اہلکاروں نے لاشوں کو گاڑی سے نکالا اور ہسپتال منتقل کیا۔ جاں بحق ہونے والوں میں محمد صدیق، فدا حسین، صدیق یاسین اور نگینہ بی بی شامل ہیں۔

شال بقیہ 24

نہ دینے کا قانون بنایا ہے انہیں وہیں دفنایا جاتا ہے۔ ایک بیان میں وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے امور اوورسیز پاکستانی زلفی بخاری نے کہا کہ حکومت نے بیرون ملک پھنسے پاکستانیوں کی سہولت کیلئے پروازیں کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ زلفی بخاری نے بتایا کہ سعودی عرب اور یو اے ای کے لیبر منسٹرز کیساتھ ہر ہفتے بات ہوتی ہے، سعودی عرب، یو اے ای کرونا سے انتقال کرنے والوں کی باڈی نہیں دیتا۔ معاون خصوصی کا کہنا تھا کہ مانتا ہوں ٹھنڈک میں لوگوں کو مسائل ہوئے ہیں لیکن ڈیمانڈ زیادہ ہو اور سپلائی کم تو مسائل ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک سفارتخانے میں صرف 6 سے 7 لوگ ہوتے ہیں اور اس دوران کرونا، لاک ڈاؤن اور رش کنٹرول کرنے میں مسائل ہوئے لیکن ہم مسائل کے حل کیلئے کام کررہے ہیں، نکٹ مہنگی ہوئی اس مسئلے پر بھی کام کررہے ہیں۔ زلفی بخاری نے کہا کہ گزشتہ 10 دن میں ایکسٹنس کو ٹکٹ الاؤ کیے گئے پہلے سفارتخانہ ہی دیتا تھا، بیرون ملک پاکستانیوں کی مشکلات کا اندازہ ہے اسی لیے بیرون ملک پاکستانیوں کی واپسی کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ معاون خصوصی برائے اوورسیز پاکستانی کے مطابق ہر کوہم ایک ایپ بھی لانچ کرنے جارہے ہیں، ایپ کے ذریعے ٹریک اینڈ ٹریسنگ کریں گے، ایپ کو شروع میں 5 دن کیلئے ٹیسٹنگ میں پر چلایا جائیگا، کوئی ایپ ڈیلیٹ بھی کردے گا تو ہمیں پتہ چل جائے گا۔

شال بقیہ 25

مولانا صاحبان' خالی آنکھ' سے سورج گرہن دیکھنے پر اصرار نہیں کریں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر سورج گرہن کے حوالے ایک مختصر پیغام شیئر کیا۔ انہوں نے لکھا کہ امید ہے مولانا صاحبان 'خالی آنکھ' سے سورج گرہن دیکھنے پر اصرار نہیں کریں گے، نئی مصیبت ہی نہ پڑ جائے۔ انہوں نے بیش ٹیگ 'solareclipse' کا استعمال بھی کیا۔

شال بقیہ 26

14 دسمبر کو ہوگا تاہم وہ پاکستان میں نہیں دیکھا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اتوار کو مکمل سورج گرہن سکھر اور اس کے گردونواح میں دیکھا گیا باقی علاقوں میں جزوی گرہن تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب انسان کا علم بہت محدود تھا تو توہم پرستی بھی عروج پر تھی۔ فواد چوہدری نے کہا کہ ہر شے جو پسند آتی تھی اسے خوش قسمتی اور جس چیز سے خوف آتا تھا اسے عذاب سے جوڑ دیا جاتا تھا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ گرہن بھی ایسا ہی عمل تھا، اب سائنس نے گرہن کی قلعی کھول دی ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ گرہن سے جڑی توہم پرستی کی کہانیاں بھی آخری سانسیں لے رہیں ہیں۔

شال بقیہ 27

وجہ سے ڈھک جاتا ہے اور گرہن کی وجہ سے صرف سورج کے کنارے ہی نظر آتے ہیں۔

شال بقیہ 28

کہ کورونا وائرس کی وبا کی روک تھام کے لیے نیشنل کمانڈ آپریشن سینٹر کے اجلاسوں کے دوران تمام فیصلے فریقین کے اتفاق رائے سے کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 29

کیا تھا کہ سندھ کے ہسپتال ملک میں بہترین ہیں، ڈاکٹر شہباز گل نے جیک آباد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول میاں، جیکب آباد ڈسٹرکٹ کا سب سے بڑا ہسپتال کھنڈر کا منظر پیش کررہا ہے، یہاں کورونا تو دور کسی عام مرض کا علاج بھی ممکن نہیں، عوام گدھا گاڑی میں مریض کو ہسپتال لارہے ہیں جہاں گندگی کے ڈھیر انکا منہ چڑھا رہے ہیں، خطرہ ہے کارڈیالوجی سنٹر کی چھت کسی لمحے سر پر آن گرے، بلاول زرداری کے دعوؤں کے برعکس یہاں انسانوں سے جانوروں جیسا سلوک روا ہے، ہسپتال کے وارڈز میں اندھیرے اور گندگی کی حکمرانی ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت صرف پریس کانفرنس اور بیانات تک محدود ہے۔ شہباز گل نے کہا کہ زمینی حقائق یہ ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی کرپشن اور بے حسی نے سندھ کو صدیوں پیچھے دھکیل دیا ہے، اپنی آنکھوں سے دیکھ آیا کہ سندھ کے ہسپتالوں سے بہتر تو بلوچستان کے ہسپتال ہیں، سندھ حکومت صرف پریس کانفرنس اور وفاق پر الزامات کو کارکردگی سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت پاکستان بھر میں مالی امداد، وینٹیلیٹرز اور ضروری سامان فراہم کررہی ہے۔

شال بقیہ 30

حملے جاری ٹڈی دل نے چمن کا رخ کرلیا ہے چمن میں ٹڈی دل کے حملوں سے کئی علاقوں میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے ٹڈی دل نے شہر کا رخ کیا تو لوگوں نے انہیں روایتی طریقے سے بھگانے کی کوشش کی ٹڈی دل کے حملوں سے انار، انگور اور سبزیوں کی فصلیں تباہ ہوگئی ہے چمن کے عوامی حلقوں نے حکومت سے ٹڈی دل پر فوری طور اسپرے کرنے کی اپیل کی ہے ٹڈی دل کے حملوں سے چمن سمیت قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، اور پشین میں سیب، انگور، انار کے درختوں اور سبزیوں کے فصلوں کو نقصان پہنچایا ہے۔

شال بقیہ 31

سے بڑا فائدہ اٹھانے والا ہے، ورلڈ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق 2020 میں ملک کو کل 8 ارب 97 کروڑ 40 لاکھ ڈالر ادا کرنا تھا جس میں کشیر انجتی 3 ارب 40 کروڑ ڈالر، دو طرفہ 4 ارب 32 کروڑ ڈالر، غیر سرکاری 85 کروڑ ڈالر اور بانڈ ہولڈرز کے 362 کروڑ 25 لاکھ ڈالرز ہے۔ 2 ارب 41 کروڑ ڈالر کے ری شیڈولنگ سے سال کے دوران ملک کی قرض کی خدمات کی ادائیگی 6 ارب 53 کروڑ ڈالر ہوجائے گی جو جی ڈی پی کے 9.0 فیصد کی بچت ظاہر کرے گی تاہم ڈی ایس ایس آئی نے ان ادائیگیوں کو منسوخ نہیں کیا بلکہ انہیں صرف بعد کی تاریخ تک موخر کیا تھا۔

شال بقیہ 32

کی اجازت دی جارہی ہے مگر یہاں بہت زیادہ گنجائش رکھنے والے ریسٹورنٹس کو بھی اجازت نہیں دی جارہی اس کے علاوہ شادی ہال کو اجازت نہیں دی جارہی جس کی وجہ سے لوگ بہت چھوٹے چھوٹے جگہوں پر شادی اور دعوت ولیمہ کی رسمیں ادا کررہے ہیں جس کورونا کے روکنے کے بجائے پھیلنے کے امکانات بڑھ رہے ہیں لہذا حکومت کو چاہیے کہ ایس او پیز کے تحت شادی ہالوں کو کھولنے کی اجازت دی جائے اجلاس میں چمن شہر میں بارڈر کھولنے کیلئے اور دکی شہر میں سہولی اور حمام کیلئے دئے جانے والے دھرنوں کی حمایت کرتے ہوئے حکومت سے ان کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اجلاس میں مکران ڈویژن میں بدامنی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انجمن تاجران پنجگور اور دیگر تنظیموں کی جانب سے احتجاج کی حمایت کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا گیا۔

شال بقیہ 33

خالد بزدار کی نگرانی میں انچارج سی آئی اے محمد اعظم مگسی نے اپنے ٹیم کے ہمراہ محمد کالونی میں کامیاب کارروائی کرکے یارو عرف کالیا سے دوران تلاشی 300 گرام پختہ چرس برآمد کیا جا کر حسب ضابطہ گرفتار کرکے ملزم کے خلاف 9B نارکوٹکس کا مقدمہ درج کیا گیا گرفتار ملزم کو مزید کاروائی کیلئے حوالہ تھانہ سٹی سوتی کیا جا کر مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 34

مٹی میں دبا دیا جائے تو وہ شفایاب ہو جاتے ہیں، اس کام کو انجام دینے کے لیے متعدد ذہنی امراض میں مبتلا بچوں کے والدین مختلف شہروں میں اور کراچی کے ساحل سی ویو پر صبح صادق کے وقت ہی پہنچ گئے، جنہوں نے بچوں اور پھاوڑوں کی مدد سے ساحل کی نرم مٹی میں گڑھے کھودے اور اپنے بچوں کو گردن تک دبا دیا۔ ان لوگوں کا موقف ہے کہ اس عمل سے ان کے بچے شفایاب ہوجائیں گے، تاہم سائنسی طور پر اس کی کوئی توجیہ نہیں ملتی، نہ ہی اس حوالے سے کوئی مثال سامنے آئی ہے کہ کسی ذہنی معذور بچے نے اس عمل سے شفا پائی ہو۔ معروف فزیشن پروفیسر ریاض احمد کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ سورج گرہن سے معذوری کا علاج نہیں ہوسکتا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ سورج کو گرہن لگنا سائنسی عمل ہے، جو کسی کی زندگی پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ اس ضمن میں علمائے کرام کا کہنا ہے کہ سورج یا چاند گرہن کا کسی کی موت یا زندگی سے کوئی تعلق نہیں، یہ قدرت کی نشانیوں میں سے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سورج یا چاند گرہن لگنے کے دوران نوافل ادا کرتے تھے۔

شال بقیہ 35

اور تھکے کی فعالی میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ جہاں تھکے کو ان ملازمین کو اعزازیہ کے ساتھ ساتھ اضافی تنخواہوں اور دیگر مراعات سے نوازنا چاہیے تھا لیکن انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ چند مخصوص ملازمین کو اعزازیہ سے نوازا گیا اور چھوٹے ملازمین کو یکسر نظرانداز کیا گیا جو کہ سراسر ناانصافی اور زیادتی ہے۔ لہذا ایکا طلع کوئٹہ اس ناروا سلوک کی پرزور مذمت کرتی ہے اور یہ

تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اتحاد کا مظاہرہ کرکے قومی ایجنڈہ تشکیل دیں، لشکری رئیسانی

بلوچستان نیشنل پارٹی نے 6 نکات کے ذریعے یہ کوشش کی کہ بلوچستان کے بڑے قومی امور کے مسائل ریاست کے ساتھ ایک ڈائیلاگ کے ذریعے حل کیا جائے

روایات، چادر و چاردیواری کے تقدس کو پامال کی جارہی ہے تاکہ بلوچ سیاسی کارکن پرامن جدوجہد سے دستبردار ہوکر شدت پسندی کا راستہ اختیار کریں، مرکزی رہنما

ایس ایچ او صدر سب انسپکٹر مٹھا خان کو روڈ ٹائرس مشتبہ اور مختلف مسائل پر اہلیہ علاقہ کے لوگوں سے میٹنگ کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ میر لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اتحاد کا مظاہرہ کرکے قومی ایجنڈہ تشکیل دیں، صوبے میں سیاسی عمل آلودہ کردیا گیا ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی نے 6 نکات کے ذریعے یہ کوشش کی کہ بلوچستان کے بڑے قومی امور کے مسائل ریاست کے ساتھ ایک ڈائیلاگ کے ذریعے حل کیا جائے، دو سال گزر جانے کے باوجود ان مسائل میں پیشرفت نہ ہوئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا کہ روایات، چادر و چاردیواری کے تقدس کو پامال کی جارہی ہے تاکہ بلوچ سیاسی کارکن پرامن جدوجہد سے دستبردار ہوکر شدت

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں صوبہ بلوچستان ترقی کی جانب گامزن ہوچکا ہے، ملک اسحٰق خان سیلاچی

سبی (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) ضلع سبی کے صدر ملک اسحٰق خان سیلاچی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں صوبہ بلوچستان ترقی کی جانب گامزن ہوچکا ہے، صوبائی حکومت نے صوبے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کئے ہیں، صوبائی بجٹ میں عوام کو ریلیف ملے گا، بلوچستان میں اپوزیشن کی کردار بہتر نہیں

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

آل پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کے رہنماؤں نے حکومت بلوچستان کے بجٹ کو بھی وفاقی بجٹ کی طرح مسترد کردیا

آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن کے زیر اثر بنے ہوئے بجٹ سے عام لوگ، غریب سرکاری ملازمین اور مزدور طبقہ ناامید ہوگیا ہے

وفاقی بجٹ کی نقل کرتا وفاقی حکومت سے ہدایات لے کر بجٹ پیش کرنا عوامی نمائندگی پر پورا اترنے کے خلاف ہے، محمد رمضان اچکزئی و دیگر کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، محمد رفیق لہڑی، محمد یوسف کاکڑ، ولی محمد کاکڑ، عبدالحئی، سید محمد لہڑی، عبدالباقی لہڑی، محمد یار علیزئی اور سید آغا محمد نے ایک مشترکہ اخباری بیان کے ذریعے حکومت بلوچستان کے بجٹ کو بھی وفاقی بجٹ کی طرح مسترد کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن کے زیر اثر بنے ہوئے بجٹ سے عام لوگ، غریب سرکاری ملازمین اور مزدور طبقہ ناامید ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کرونا وبا کی ہولناکی بڑھتی جارہی ہے قومی متفقہ حکمت عملی کی ضرورت ہے، لیاقت بلوچ

سرکاری ہسپتالوں کے انتظامات بہت خراب، پرائیویٹ ہسپتالوں میں علاج بہت مہنگا اور حکومت کا نظام صحت کا ہر پروگرام ناکافی اور ناکام ہے

بدقسمتی سے وزیراعظم عمران خان، اپوزیشن قیادت اور پارلیمنٹ قوم کو رہنمائی کرنے میں ناکام ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ کرونا وبا کی ہولناکی بڑھتی جارہی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کے انتظامات بہت خراب، پرائیویٹ ہسپتالوں میں علاج بہت مہنگا اور حکومت کا نظام صحت کا ہر پروگرام ناکافی اور ناکام ہے۔ ملک کو درپیش چیلنجز کے لیے قومی وحدت، قومی متفقہ حکمت عملی کی ضرورت ہے، بدقسمتی سے وزیراعظم عمران خان، اپوزیشن قیادت اور پارلیمنٹ قوم کو رہنمائی کرنے

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لاہور، کرونا کے بڑھتے کیسز خدشات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بند کیا گیا گریاکل پارک کا علاقہ سنسان پڑا ہے

اوستہ محمد شہر کا امن خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لائیں گے، داؤد خان کھوسہ

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد شہر کا امن خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لائیں گے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او سٹی داؤد خان کھوسہ نے اوستہ محمد پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

پاکستان نیشنل پارٹی عوامی کی جانب سے بسم اللہ ٹاؤن نصیرآباد میں حلف برداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا

نصیرآباد (این این آئی) پاکستان نیشنل پارٹی عوامی کی جانب سے بسم اللہ ٹاؤن نصیرآباد میں حلف برداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی پاکستان نیشنل پارٹی عوامی کے سینئر رہنما فاروق احمد رند تھے۔ جبکہ اس موقع پر صوبائی رہنما میر عبدالصمد

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال ڈیرہ اللہ یار سے ڈاکٹروں کے تبادلے تحصیل ہیڈ کوارٹر اوستہ محمد میں مزید تعیناتیاں ڈی ایچ کیو میں آنے والے مریض علاج معالجے سے محروم

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال ڈیرہ اللہ یار سے ڈاکٹروں کے تبادلے تحصیل ہیڈ کوارٹر اوستہ محمد میں مزید تعیناتیاں ڈی ایچ کیو میں آنے والے مریض علاج معالجے سے محروم ہونے لگے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال ڈیرہ اللہ یار کے 7 ڈاکٹرز عرصہ دراز سے چھٹیوں پر ہیں جبکہ پانچ ڈاکٹرز دن اور رات کے اوقات کار میں مریضوں کا علاج معالجہ کرتے ہیں انتظامیہ اور سیاسی مداخلت کے باعث ڈی ایچ کیو کے ڈاکٹرز کا تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال اوستہ محمد میں تبادلہ کیا

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی جدوجہد ملک کے پسماندہ طبقات اور آنے والی نسلوں کے لیے تھی، نورالدین کاکڑ

شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے پیغام کو گھر گھر تک پہنچائیں گے اور انشاء اللہ کوئٹہ سٹی کو پیپلز پارٹی کا گڑھ بنائیں گے، صدر پی پی کوئٹہ سٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ نے اسلامی دنیا کی پہلی منتخب خاتون وزیراعظم و پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کو ان 67 ویں سالگرہ کے موقع پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو دنیا کی ان عظیم مدبر رہنماؤں میں سے ایک تھیں جو صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں۔

ضلعی انتظامیہ کا پشاور بھر میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر کریک ڈاؤن جاری

کم اذان روٹی فروخت کرنے والے 22 نانبائیوں سمیت پشاور بھر سے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر 284 گرفتار، موقع پر جرمانہ

پشاور (این این آئی) تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر پشاور محمد علی اصغر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) سارہ رحمان نے رنگ روڈ اور اندرون شہر مختلف دکانوں کا معائنہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر (شاہ عالم) ڈاکٹر احتشام الحق نے چارسدہ روڈ پر مختلف دکانوں کا معائنہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر (متی) رضوانہ ڈار نے کوہاٹ روڈ پر مختلف دکانوں کا معائنہ کیا۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر عنایت اللہ خان نے شاہین مسلم ٹاؤن اور تھانہ چندو کے علاقوں میں مختلف دکانوں کا معائنہ کیا۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر گلشن آرا نے پشاور صدر کے مختلف بازاروں میں دکانوں کا معائنہ کیا۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء حاجی نور محمد دمڑ، ملک نعیم خان بازئی، مٹھا خان کاکڑ، بشریٰ رند اور اراکین صوبائی اسمبلی نوبزادہ گہرام بگٹی اور مہ جبین شیران اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

کوئٹہ کے علاقے سے بچے کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سے بچے کی لاش برآمد، پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے ایئر پورٹ روڈ سے بچے کی لاش ملی جسے تحویل میں لیکر شناخت کے لئے اسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

پاکستان میں پھنسے 748 بھارتیوں کی واپسی کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی گئی

بھارتی شہری 25 جون سے 3 مرحلوں میں واہگہ بارڈر کے راستے واپس بھارت جائیں گے

لاہور (این این آئی) کورونا وائرس کی وجہ سے پاکستان میں مقیم 748 بھارتی شہریوں کی واپسی کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی گئی ہے جس کے تحت یہ بھارتی شہری 25 جون سے 3 مرحلوں میں واہگہ بارڈر کے راستے واپس بھارت جائیں گے۔ کورونا وائرس کی وجہ

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مسائل کے حل پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، جمال شاہ کاکڑ

18 ویں ترمیم میں کسی بھی قسم کی ترمیم قابل قبول نہیں ہے سلیکٹڈ وزیراعظم اب کھلے عام 18 ویں ترمیم اور صوبائی خودمختاری کی مخالفت کررہے ہیں

سی پیک میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے، این ایف سی ایوارڈ میں کٹوتی کے سنگین نتائج مرتب ہونگے، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام بلوچستان کے مسائل پر ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس کے تمام فیصلوں اور قرار دادوں کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ 18 ویں ترمیم میں کسی بھی قسم کی ترمیم، سی پیک میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے، این ایف سی ایوارڈ میں کٹوتی کے سنگین نتائج مرتب ہونگے بلوچستان کے مسائل کے حل پر کسی

بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

پہلا آل ملک حاجی فاروق (مرحوم) نٹ بال ٹورنامنٹ کے اختتام پر مہمان کاشف اعجاز خان بادیزئی اور عبدالنافع خان بادیزئی ملک حمداللہ بادیزئی و دیگر کو سوینئر دے رہے ہیں

دنیا میں ہم نے دیکھا کہ دنیا کے جس ملک کی وزیراعظم کوئی خاتون ہیں، بلاول بھٹو زرداری

جب ہم ان رات زندگیوں کا تحفظ کرنے والی لیڈی بینظیر کو کہتے ہیں تو ہمیں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو یاد آتی ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی کا ویڈیو پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے یوم پیدائش پر ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ آج شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی سالگرہ ہے، ہم آج 2020 میں بھی شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو یاد کررہے ہیں۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعظم رہیں۔ دنیا میں ہم نے دیکھا کہ دنیا کے جس ملک کی وزیراعظم کوئی خاتون ہیں، ان ممالک نے وبا کا بہتر مقابلہ کیا۔ دنیا کے وہ ممالک جہاں کی وزیراعظم کوئی خاتون ہیں، ان ممالک نے اپنے عوام کی صحت، زندگی اور معیشت کو زیادہ بہتر سنبھالا۔ ہمیں آج شہید محترمہ بے نظیر بھٹو بہت زیادہ یاد آتی ہیں۔

بلوچستان کے اساتذہ اس کمر توڑ مہنگائی میں کسمپرسی اور بدحالی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، عبدالواحد کھوسہ

بلوچستان حکومت کی جانب سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا صوبہ بھر کے ملازمین کے ساتھ سراسر ناانصافی اور زیادتی کے مترادف ہے

حیرون (نامہ نگار) بلوچستان حکومت کی جانب سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا صوبہ بھر کے ملازمین کے ساتھ سراسر ناانصافی اور زیادتی کے مترادف ہے بلوچستان پسماندہ صوبہ ہے بلوچستان کے اساتذہ اس کمر توڑ مہنگائی میں کسمپرسی اور بدحالی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع صحبت پور کے صدر حاجی عبدالواحد

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

جمعیت طلباء اسلام ایک عظیم مقصد لے کر نوجوانوں کو اللہ تعالیٰ کے عبادت محمد ﷺ کی اطاعت کی دعوت دیتے ہیں، محی الدین

جے یو آئی پوری انسانیت کی بلاتفریق خدمت ہر ظالم سے بغاوت ہر مظلوم کی حمایت پر یقین رکھتی ہے، جے یو آئی ناناصاحب

دلسورہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام تحصیل ناناصاحب کے صدر محی الدین نے شہید حافظ خلیل احمد بوٹ کے زیر اہتمام ایک شہریتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت طلباء اسلام کے عظیم مقاصد ہیں جسمیں سب سے پہلا مقصد ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت یعنی دنیا میں عبادت کے تین طریقے ہیں 1 ہر شے کیلئے جھکنا اس کو کہتے ہیں شرک 2 کسی شے کیلئے نہیں جھکنا اس کو کہتے ہیں دہریت 3 صرف اور صرف ایک معبود برحق

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کرخ پولیس کی کارروائی کرسٹل برآمد ملزم گرفتار

کرخ (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق قائمقام ایس ایس پی خضدار گل احمد کی خصوصی ہدایت پر SHO کرخ محمد افضل زہری اے ایس آئی اللہ بخش بلوچ اے ایس آئی خان محمد بلوچ شبیر احمد ساسولی مشتاق احمد ظفر اللہ نے کرخ سٹی ایریا میں کارروائی

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی انتظامیہ صحبت پور کی نااہلی کی وجہ سے سٹی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل

شہری پریشان میونسپل کمیٹی انتظامیہ صرف خواب خرگوش کے مزے لوٹنے میں مصروف ہے

حیرون (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی انتظامیہ صحبت پور کی نااہلی کی وجہ سے سٹی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل جگہ جگہ کھڈے گلیوں محلوں میں کچروں کے انبار لگے ہوئے ہیں جگہ جگہ گندگی کی وجہ سے شہری پریشان میونسپل کمیٹی انتظامیہ صرف خواب خرگوش کے مزے لوٹنے میں

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

میر عارف ریکی ایک سیاسی و سماجی کارکن کے ساتھ ساتھ ایک قبائلی شخصیت کے مالک ہیں، محمد بخش بلوچ

موصوف ایک قدآور اور غریب پرور انسان ہیں ایسے شخصیات پر بزدلانہ حملہ قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہیں، سابق جنرل سیکرٹری

دالبندین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ چاغی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری محمد بخش بلوچ نے اپنے ایک بیان میں بی این پی ماشکیل کے سینئر رہنما و قبائلی شخصیت میر محمد عارف ریکی پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ میر عارف

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، نامور فنکار عبداللہ غزنوی کی زیر صدارت بلوچستان کے فنکاروں کا اہم اجلاس

میر عارف ریکی پر قاتلانہ حملہ کرکے زخمی کرنا قابل مذمت عمل ہے، حاجی غلام حسین بلوچ

صوبائی حکومت عوام کی جان و مال کی تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے حکومت میر عارف ریکی پر حملے میں ملوث افسران کو فوری طور پر گرفت کرے، بیان

خاران (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی غلام حسین بلوچ نے اپنے ایک بیان میں بی این پی واشک کے ضلعی سینئر نائب صدر محمد عارف ریکی پر کوئٹہ میں قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ میر عارف ریکی ایک سیاسی کارکن ہیں ان پر قاتلانہ حملے سے سیاسی کارکنوں کو تشویش لاحق ہے حکومت عوام کی جان و مال کی تحفظ میں ناکام ہوچکی ہے پارٹی کارکن کسی بھی حملے سے مرعوب نہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے ایسے عمل سے پارٹی کارکنوں کو جمہوری سیاسی جدوجہد سے مرعوب نہیں کی جاسکتی ہے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2009 کی جیت کو 11 سال مکمل ہوگئے

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2009 میں ہر چیلنج کیلئے تیار تھے، ٹیم سلیکشن، باؤلنگ اور فیلڈنگ آرڈر کی وجہ سے مطمئن تھے، یونس خان

لاہور (این این آئی) پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2009 کی جیت کو 11 سال مکمل ہوگئے۔ ورلڈ کپ کی جیت کی 11 ویں سالگرہ کے موقع پر سابق کپتان یونس خان نے بتایا کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2009 میں ہر چیلنج کیلئے تیار تھے، ٹیم سلیکشن، باؤلنگ اور فیلڈنگ آرڈر کی وجہ سے مطمئن تھے۔ یونس خان نے کہا کہ ہمیں یقین تھا کہ ہم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیت کر جائیں

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ٹی ٹوئنٹی چیمپئنز لیگ کی بحالی کرکٹ کے فروغ میں اہم ثابت ہوسکتی ہے، لاہور قلندر

انگلینڈ کی ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ اور انڈین پریمیئر لیگ کی ٹیموں کی بھی چیمپئنز لیگ کی بحالی کی حمایت

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی متحرک ترین فرنچائز لاہور قلندرز نے ٹی ٹوئنٹی چیمپئنز لیگ کی بحالی کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے ٹورنامنٹس کرکٹ کے فروغ کے لیے کافی اہم ثابت ہو سکتے ہیں۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ٹی ٹوئنٹی لیگز کی ٹاپ ٹیموں کے درمیان چیمپئنز لیگ کو ایک بار پھر کرایا جاسکتا ہے۔ ادھر انگلینڈ کی ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ

بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

نیب صرف مسلم لیگ (ن) کے احتساب تک محدود ہوگیا ہے، سعدیہ تیمور

نیب یک طرفہ ادارہ ہے، نیب سیاسی انتقام کے لئے استعمال کیا جارہا ہے، رکن اسمبلی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی سعدیہ تیمور نے کہا ہے کہ نیب صرف مسلم لیگ (ن) کے احتساب تک محدود ہوگیا ہے، کیا کبھی نیب کی آنکھیں کھلیں گی، پی آر ٹی منصوبہ کو کی دیکھے گا ہیلی کاپٹر کیس کا فیصلہ کوئی کرے گا، نیب یک طرفہ ادارہ ہے، نیب سیاسی انتقام کے لئے استعمال کیا جارہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نیب

بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

شوبز میں ترقی اور کامیابی حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو مواقع دینا ہونگے، لائبہ خان

نوجوان نسل انقلابی کام کررہے ہیں، سوشل میڈیا نے بڑی تیزی کے ساتھ لوگوں میں شعور اجاگر کیا ہے، ماڈل و اداکارہ کی گفتگو

خانیوال (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے خوبرو ماڈل و اداکارہ لائبہ خان نے کہا ہے کہ شوبز میں ترقی اور کامیابی حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو مواقع دینا ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور کو اگر میڈیا کا دور کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ سوشل میڈیا نے بڑی تیزی کے ساتھ لوگوں میں شعور اجاگر کیا ہے اور اب ہر کوئی سوشل میڈیا کے ذریعے اپنی سمجھ کے مطابق بات کرتا دکھائی دیتا ہے۔

مودی کورونا سے لڑنے اور قوت مدافعت بڑھانے کے لیے یوگا کریں، مودی کا دنیا بھر کے لوگوں سے مطالبہ

سانس کے نظام کو مستحکم کرنے کے لیے سانس لینے کی ایک مشق پرانایام کریں، بھارتی وزیراعظم کا قوم سے خطاب

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی نے دنیا بھر کے لوگوں پر زور دیا کہ وہ کورونا وائرس کے وبائی مرض سے بچنے کیلئے یوگا کریں۔ مودی نے یوگا کے عالمی دن کے موقع پر ٹیلی ویژن خطاب کے دوران کہا کہ اگر ہمارے جسم میں قوت مدافعت زیادہ ہے تو یہ بیماری کے خلاف لڑنے میں مدد دیتی ہے، یوگا کی بہت سی اقسام ایسی ہیں جو قوت مدافعت بڑھانے میں مددگار ہیں۔

سیکرٹری مذہبی امور بلاج عزیز، مولانا انوار الحق حقانی، علامہ ہاشم موسوی اور دیگر وزرات مذہبی امور اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایس او پیز سے متعلق اجلاس میں شریک ہیں

انجمن تاجران بلوچستان کے عہدیداروں اور سینئر ممبران کا اجلاس، تاجروں کو درپیش مسائل پر غور ہوا اور متعدد فیصلے

حکومت ایس او پیز کے تحت دکانیں کھولنے کی اجازت دے، ریسٹورنٹ کو ایس او پیز کے تحت کاروبار کرنے کی اجازت دی جائے، بغیر ٹیکنیشن ٹیکس لگانے کی مذمت

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے عہدیداروں اور سینئر ممبران کا اجلاس زیر صدارت رحیم آغا منعقد ہوا اجلاس کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین نے بتایا کہ اجلاس میں تنظیمی امور کا جائزہ لینے کے علاوہ صوبہ میں تاجروں کو درپیش مسائل پر غور ہوا اور متعدد فیصلے کئے گئے اجلاس میں ریسٹورنٹ کو ایس او پیز کے تحت کاروبار کرنے کی

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے ملازمین کیلئے ملازم کش حملہ ہیں، بی این پی

مکران (نامہ نگار) وفاقی اور صوبائی بجٹ مزدور کش بجٹ ہیں اس مہنگائی کے دور میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے ملازمین کیلئے ملازم کش حملہ ہیں ان خیالات کا اظہار مکران کے آل پارٹیز کے رہنماؤں بی این پی کے تحصیل صدر میر حفیظ میکل عبدالسلام دانش.

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

آل پارٹیز و سابق ڈسٹرکٹ سیکورٹی فورڈ کمیٹی کے ممبران کا ایک اہم اجلاس سردار رفیق شیر سنجرانی کی قیادت میں منعقد ہوا

دالبندین (این این آئی) آل پارٹیز و سابق ڈسٹرکٹ سیکورٹی فورڈ کمیٹی کے ممبران کا ایک اہم اجلاس سردار رفیق شیر سنجرانی کی قیادت میں منعقد ہوا اجلاس میں نیشنل پارٹی، بی او آئی، پیپلز پارٹی، بی ٹی آئی، بابائے چاغی فرنٹ، بزنیج فرنٹ کے نمائندگی کرنے والے موجود تھے اجلاس میں تمام پارٹیز کے ممبران نے

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مزدور عوام دشمن بجٹ 2020 مسترد، 22 جون کو کوئٹہ و صوبے بھر میں مظاہروں کا اعلان

کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان احتجاجی ریلیاں نکالنے اور اہم شاہراہوں و مقامات پر بھرپور احتجاجی مظاہروں کا اعلان کردیا

موجودہ صوبائی حکومت نے دو سال کے دوران اپنے اداروں کے ملازمین کی فلاح کیلئے ایک بھی مثبت اقدام نہیں اٹھایا، بلوچستان لیبر فیڈریشن

لاہور، ایک مزدور کام نہ ہونے کے باعث پریشان بیٹھا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کی جانب سے عوام مزدور و ملازمین دشمن بجٹ پیش کرنے اور مزدوروں و ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرنے اور دیگر مزدور مسائل حل نہ ہونے کیخلاف بلوچستان لیبر فیڈریشن نے 22 جون آج بروز سوموار کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان احتجاجی ریلیاں نکالنے اور اہم شاہراہوں و مقامات پر بھرپور احتجاجی مظاہروں کا اعلان کردیا۔ مرکزی ترجمان بلوچستان لیبر فیڈریشن (بی ایل ایف) عابد بٹ کے مطابق موجودہ صوبائی حکومت نے دو سال کے دوران اپنے اداروں کے ملازمین کی فلاح کیلئے ایک بھی مثبت اقدام نہیں اٹھایا بیوروکریسی کے ہاتھوں یرغمال حکومت نے اپنی صوبائی اسمبلی اور

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

حاجی بابا جان شاہوانی کا انتقال جو سانحہ ہے، مرحوم ارباب، شاعروں کے قائد اور لوگوں کو شیر و شکر کرنے میں پیش پیش رہے، غلام نبی مری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے اپنے تعزیتی بیان میں کوئٹہ کی معروف سیاسی قبائلی شخصیت حاجی میر محمد یوسف عرف (حاجی بابا جان شاہوانی) کے ناگہانی انتقال پر گہرے دکھ رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے ناقابل تلافی نقصان قرار دیا اور کہا کہ حاجی

بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈویژنل ہیڈ کوارٹر کہلانے والا شہر ڈیرہ مراد جمالی یوں تو مسائل میں گھرا ہوا ہے، لیاقت علی چکھڑا

نصیرآباد (این این آئی) جماعت اسلامی یوتھ کے صوبائی نائب صدر لیاقت علی چکھڑا نے کہا کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر کہلانے والا شہر ڈیرہ مراد جمالی یوں تو مسائل میں گھرا ہوا ہے لیکن روڈوں کے ٹوٹ پھوٹ کا مسئلہ

بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

صوبے میں پہلی مرتبہ ٹیکس فری اور غریب دوست بجٹ پیش کیا گیا ہے، وزیرزادہ

بجٹ میں ضم اضلاع کی ترقی کے لیے خطیر رقم مختص کی گئی ہے، معاون خصوصی برائے اقلیتی امور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور وزیرزادہ نے کہا ہے کہ صوبے میں پہلی مرتبہ ٹیکس فری اور غریب دوست بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ بجٹ میں ضم اضلاع کی ترقی کے لیے خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ محمود خان کی قیادت میں قبائلی عوام کی محرومیوں کے ازالے کا وقت آگیا ہے۔ آئندہ مالی سال بجٹ میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے بھی خاطر خواہ رقم مختص کی گئی ہے۔ ضم اضلاع میں اقلیتی نوجوانوں کو ہنر سکھانے سمیت دیگر منصوبوں کے لیے 67 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

صدر ٹرمپ سابق قومی سلامتی مشیر جان بولٹن کی کتاب شائع ہونے سے روکنے میں ناکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اپنے سابق قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن کی کتاب شائع ہونے سے روکنے میں ناکام ہوگئے۔ عدالت نے کتاب چھپنے سے روکنے کے لیے وائر محکمہ انصاف کی درخواست رد کردی جس پر صدر ٹرمپ نے ردعمل میں کہا کہ بولٹن کو اب طیارہ پکڑنا ہوگا۔ وفاقی جج نے ریمارکس دیے کہ قومی سلامتی کے سابق مشیر نے اپنی کتاب کے مندرجات میں قومی سیکورٹی پر جو کھیلا ہے اور اب ان کے خلاف مجرمانہ قانونی چارہ جوئی بھی ممکن ہے۔

انڈر 19 خواتین کرکٹرز کے بذریعہ ویڈیو لنک فٹنس ٹیسٹ پیر سے شروع ہوں گے

19 کھلاڑیوں کی آن لائن فٹنس ٹیسٹنگ 22 سے 26 جون تک جاری رہے گی

بھرتی ہوئی خواتین کرکٹرز پر سرمایہ کاری کرنا پی سی بی کی ایک بڑی کامیابی ہے، عروج ممتاز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ 19 انڈر 19 خواتین کرکٹرز کے آن لائن فٹنس ٹیسٹ لینے کا آغاز 22 جون بروز (آج) پیر سے ہوگا۔ آن لائن فٹنس ٹیسٹنگ کا مقصد کورونا وائرس کی وباء کے پیش نظر کرکٹ کی سرگرمیاں معطل ہونے کے سبب انڈر 19 خواتین کرکٹرز کی توجہ کھیل پر مرکوز رکھنا ہے۔ آن لائن ف